★★پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | ہفتہ 9 شعبان المعظم 1446ھ، 8 فروری 2025ء 26 ماگھ 2081ب | صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 109

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

مالیاتی تبدیلی کرپشن، دہشتگردی مشترکہ مسائل ہیں، سی پی اے کانفرنس کا آغاز

سی پی اے کانفرنس علاقائی تعاون اور اجتماعی ترقی کے لیے مشترکہ حکمت عملی تیار کرنے کا بہترین موقع ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان

ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا ریجن میں طویل عرصے بعد مشترکہ کانفرنس کا انعقاد خوش آئند ہے، چیئرپرسن سی پی اے ڈاکٹر کرسٹوفر کلیلا



لاہور (خبرنگار) کامن ویلتھ پارلیمنٹری ایسوسی ایشن کی ساؤتھ ایسٹ ایشیاء ریجن کی دوروزہ مشترکہ پارلیمانی کانفرنس کی افتتاحی تقریب کا انعقاد پنجاب اسمبلی میں ہوا۔ جس کے مہمان خصوصی سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق تھے۔ سی پی اے کانفرنس میں سری لنکا، مالدیپ، برطانیہ، زیمبیا، ملائیشیا اور پاکستان سمیت 20 اسمبلیوں کے 100 سے زائد نمائندوں نے شرکت کی۔ شرکاء میں 13 سپیکرز، 4 ڈپٹی سپیکرز اور ایک چیئرمین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

لاہور (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ایک بار پھر پی ٹی آئی کو مذاکرات کی پیش کش کی گئی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے واضح الفاظ میں پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات سے متعلق بات کرنے کے لیے کمیٹی کے قیام کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کبھی بھی مذاکرات کے لیے دروازے بند نہیں کیے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ کروانے پر توہین عدالت درخواست، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل ذاتی حیثیت میں طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ کروانے پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو ذاتی حیثیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

اینکر زایسوسی ایشن نے پیکا ایکٹ ترمیم کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا، درخواست میں پیکا ایکٹ میں ترمیم کو کالعدم قرار دینے کی استدعا کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اینکرز ایسوسی ایشن نے پیکا ایکٹ میں ترمیم کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا ہے۔ پیکا ایکٹ میں ترمیم کے خلاف سینئر اینکر پرسن حامد میر، سینئر صحافی زبیر نصر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

عوامی خدمت نواز شریف شہباز شریف اور مسلم لیگ کی پہچان ہے مریم نواز

نواز شریف اور مریم نواز سے ارکان پنجاب اسمبلی کی ملاقات، ملکی معیشت کی بہتر صورتحال، عوامی خدمت کے مضمون پر غور، مریم نواز شریف نے وزیراعلیٰ پنجاب کے طور پر میراثی کام شروع سے بلند کر دیا

معاشی بہتری، مہنگائی میں کمی ملک و قوم کی بہتری کے اشارے، معاشی ترقی کے تسلسل سے ہی عوام کے حالات بدل سکتے، اللہ کا شکر ہے پاکستان کا تنزلی کی طرف جاری سفر رک گیا، صدر مسلم لیگ (ن) نواز شریف

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مریم حکومت کی پھر پی ٹی آئی کو مذاکرات کی پیش کش

پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات سے متعلق بات کی ہے، ہم نے کبھی مذاکرات کے لیے دروازے بند نہیں کیے، تحریک انصاف سے رابطے منقطع نہیں ہوئے، وہ آج بھی ہمارے ساتھ رابطے میں ہیں

ہم نے تو پی ٹی آئی سے مذاکرات کیلئے کمیٹی بھی تشکیل نہیں کی۔ تحریک انصاف کی پہلے اندر سے منظوری آجائے تو پھر ہمارے پاس بھی آجائیں گے، بانی پی ٹی آئی عمران خان ایک سخت آدمی ہیں: اسپیکر قومی اسمبلی

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز۔۔۔ عوام کی آواز

چیف منسٹر کمپلینٹ سیل کا شکری کا مسئلہ 24 گھنٹے میں حل، معاملہ ایک سال سے حل طلب تھا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے قائم کردہ چیف منسٹر کمپلینٹ سیل نے شکری کا مسئلہ 24 گھنٹے کے اندر حل کر دیا ہے۔ کوٹ اودے کے ذیشان فضل کا ورافت سے متعلق معاملہ ایک سال سے حل طلب تھا۔ ذیشان فضل نے چیف منسٹر کمپلینٹ سیل میں شکایت درج کرائی تھی۔ وزیراعلیٰ کمپلینٹ سیل کے چیئرمین شعیب مرزا نے فوری ایکشن لیتے ہوئے کوٹ اودے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف



لاہور: پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف اور مریم نواز سے ارکان اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری گرفتار کر لیا گیا

راولپنڈی (دیب ڈیک) عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری کو راولپنڈی پولیس نے گرفتار کر لیا، فواد چوہدری نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

ہمسایہ ممالک کے ساتھ موسمیاتی مذاکرات کا آغاز کیا جارہا ہے، مریم اورنگزیب

سموگ فضائی آلودگی کے حل کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اپنی ذمہ داریوں کا ادراک ہونا ضروری ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے "بریدپاکستان انٹرنیشنل کانفرنس" سے خطاب کرتے ہوئے ماحولیاتی تحفظ اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے حکومت پنجاب کے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



اسلام آباد: وزیراعظم کی مشیر برائے موسمیاتی تبدیلی مریدہ خورشید عالم بریدپاکستان کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں

پی ٹی آئی کا اکاموڈیشن کی امید رکھنا انتھوں کی جنت میں رہنے جیسا ہے، وزیر دفاع

بانی پی ٹی آئی عام اعتدادی تحریک سے فارغ کیے جانے پر شہدا کی یادگاروں پر حملہ آور ہوئے، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا اکاموڈیشن کی امید رکھنا انتھوں کی جنت میں رہنے جیسا ہے۔ ایک بیان میں بانی پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ ہم سے بات کرنی ہے تو پہلے ہماری تمام حکومتیں بحال کرو، یہ کبھی نہیں ہوگا،

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

خصوصی انسداد پولیو مہم/اب تک 20 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو قطرے پلائے گئے

ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کی چوتھے روز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

لاہور: ڈویژنل ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ثمینہ رشید کی ٹوکل پرسن برائے انسداد پولیو مہم کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس میں خصوصی شرکت



لاہور (خبر نگار) خصوصی انسداد پولیو مہم میں اب تک 20 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو قطرے پلائے گئے ہیں، ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کی چوتھے روز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس میں وزیر اعلیٰ کی ٹوکل پرسن برائے انسداد پولیو مہم پروفیسر ڈاکٹر زوہیب حسن خان، اسسٹنٹ کمشنر اور فیلڈ اسٹاف نے شرکت کی، چوتھے روز پانچ سال سے کم عمر 438124 بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف تھا، 418840 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے اور 333122 گھرانوں میں سے 301460 گھرانوں تک رسائی حاصل کی گئی ہے، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ 46 ریفیوزل کیسز میں 45 بچوں کے والدین کو قائل کر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو مہم آج پانچواں روز ہے اور آج بھی پولیو مہم پر بھرپور طریقے سے کام جاری ہے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا سلسلہ گھر گھر جاری ہے، انہوں نے کہا کہ کوشش ہے کہ کوئی بھی بچہ پولیو کے بچے بغیر نہ رہے، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کی کوششیں جاری رہیں گی۔



لاہور: بین الوزارتی صحت و آبادی کونسل کے اجلاس میں ایک نئی قومی صحت و آبادی پالیسی کیلئے لاہور کے مقامی ہوٹل میں منعقدہ صوبائی مشاورتی اجلاس کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

قومی صحت و آبادی پالیسی 2025-34ء کی ترتی کیلئے ملک بھر کے تمام صوبوں کی مشاورتی اجلاس کا انعقاد

اجلاس کا مقصد صحت و آبادی کے شعبوں میں عوامی و نجی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز کو شامل کر کے آبادی صحت کو مزید بہتر بنایا جا سکے گا

زرخیزی کی شرح 6.3 فی عورت سے کم کر کے 2025 تک 8.2 اور 2030 تک 2.2 پیدائش کی شرح افزائش کو کم کیا جائے گا

خاص طور پر خواتین اور بچوں کے لیے صحت کی خدمات کی رسائی اور معیار کو بہتر بنانا شامل ہے صوبہ پنجاب میں فیملی پلاننگ کی مانگ 2.52 فیصد سے بڑھ کر 8.56 فیصد ہوگئی ہے

لاہور (خبر نگار) بین الوزارتی صحت و آبادی کونسل کے گزشتہ سال ہونے والے اجلاس کے تناظر میں، ایک نئی قومی صحت و آبادی پالیسی (NHPP 2025-34) تیار کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ یہ پالیسی قومی صحت و دیگر شعبوں کی (NHV 2016 -25) کی وسط مدتی جائزے (MTR) کی سفارشات اور عوامی و نجی شعبوں میں عوامی و نجی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز کو شامل کر کے آبادی و صحت کو مزید بہتر بنایا جا سکے گا۔ جامع قومی صحت اور آبادی کی پالیسی 2025-34 ایک اہم اقدام ہے جس کا مقصد پاکستان کی آبادی میں اضافے اور صحت کے چیلنجوں سے نمٹنا ہے۔ ایک صوبائی مشاورتی اجلاس اس عمل میں ایک اہم قدم ہے، یہ اجلاس حکام کے ساتھ مشاورت کے دوران قومی و صوبائی حکومتوں کی اسٹریٹجک ترجیحات اور مقامی ضروریات و عاملی دعووں کو نظر رکھتے ہوئے ایک مشترکہ اسٹریٹجک سمت کی شناخت پر توجہ مرکوز کی۔ اس مشاورت کے بعد لاہور کے مقامی ہوٹل میں ایک صوبائی مشاورتی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اس اجلاس کا مقصد صحت و آبادی کے

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 8 فروری 2025ء

افسران اور کمپنیوں کے مینجر ذمہ داریاں پوری کریں کمشنر گوجرانوالہ

ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی استعداد بہتر بنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ کو جی ڈبلیو ایم سی کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا



گوجرانوالہ (فرحیدہ بخاری قوت بیورو، رانا ظفر اقبال) قوت بیورو کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے تھرا پنجاب پروگرام کی کنٹریکٹر کمپنیاں معاہدے کے مطابق ہیومن ریسورس، مشینری سمیت تمام وسائل فراہم کرنے کی پابند ہیں ریجنری سٹاف یونیفارم میں نظر آنا چاہیے، ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی استعداد بہتر بنانے کیلئے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ کو جی ڈبلیو ایم سی کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا، افسران اور کمپنیوں کے مینجر ذمہ داریاں پوری کریں، غفلت کے مرتکب عناصر کے خلاف بلا تفریق سخت ایکشن لیا جائے گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنرز، ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں اور کنٹریکٹرز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، ایڈیشنل کمشنر گوآرڈی نیشن محمد شفیع بی ای او ویسٹ مینجمنٹ کمپنی شاہد عباس بھی موجود تھے، دیگر اضلاع سے ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے منسلک رہے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ اربن و رورل علاقوں میں یکساں صفائی کی سہولت فراہم کرنے کے اس میگا پراجیکٹ حکومت پنجاب اربوں روپے خرچ کر رہی ہے جس کی کامیابی نہایت اہم ہے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ موقع کی سطح پر صفائی بارے نمبر دار پٹواری، قانون گو سیکرٹری یونین کونسل روزانہ کی بنیاد پر اپنے اسسٹنٹ کمشنر کو رپورٹ کریں جو ڈپٹی کمشنر کو رپورٹ دیں گے، چیف آفیسرز بھی فیلڈ وزٹ کریں۔ کمشنر نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنیاں منصوبہ بندی کر کے شہری علاقوں میں ہر کلومیٹر ایریا پر تین، ہر گاؤں میں دو کنٹینرز رکھیں نیز کوڑا اٹھانے کے لیے وقت مقرر کریں اور شہریوں کو بتائیں کہ اس وقت وہ اپنا کوڑا گھر سے باہر رکھیں جسے ہماری ٹیم اٹھالے گی۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ گوجرانوالہ کی تحصیل کاموکی، سٹی اور وزیر آباد بہتر کام کر رہی ہیں، ڈور ٹو ڈور کولیکشن پر فوکس کیا جائے تاکہ شہریوں کے پاس کوڑا سڑک پر پھینکنے کا آپشن نہ ہو۔ انہوں نے کنٹریکٹر کمپنیوں کو ہدایت کی کہ کنٹریکٹرز کمپنیاں گراؤنڈ پر کنٹینرز کی فراہمی یقینی بنائیں۔

ملازمین ملک کے خیر خواہ ہیں: ان کو ملک دشمن نہ بنائیں، آل پاکستان لوکل گورنمنٹ

پاکستان سے بلدیاتی ملازمین کے احتجاجی قافلے 10 فروری، 2025 کو اسلام آباد کی طرف روانہ ہونگے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن رجسٹرڈ پاکستان کی قیادت میں پورے پاکستان سے بلدیاتی ملازمین کے احتجاجی قافلے 10 فروری، 2025 کو اسلام آباد کی طرف روانہ ہونگے۔ اور سرکاری ملازمین کے ساتھ حکومتی زیادتیوں اور پینشن اصلاحات کے نام پر بدمعاشی لیو انکشمنٹ میں کٹوتی ڈیتھ کوٹہ کے خاتمہ کے خلاف اسلام آباد پارلیمنٹ کے سامنے احتجاجی دھرنا میں شامل ہونگے۔ غیر پختونخواہ پشاور سے قافلہ کی قیادت فیڈریشن کے مرکزی صدر محمد نوید اعوان اور پنجاب سے قافلہ کی قیادت مرکزی جنرل سیکرٹری نصیر الدین ہمایوں ملک اور مرکزی نائب صدر محمد خاں کلو کریں گے۔ صوبہ سندھ کی قیادت سید ذوالفقار شاہ مرکزی چیئرمین اور مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مردان شیخ اور محمد اکرم راجپوت صوبائی جنرل سیکرٹری صوبہ سندھ کریں گے۔ فیڈریشن کے قائدین تمام سرکاری تنظیموں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے اسلام آباد دھرنا میں شامل ہوں ہونگے۔ اور یہ دھرنا مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گا۔ فیڈریشن کی قیادت حکومت وقت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ ملازمین کے خلاف معاشی جنگ بند کرے۔ اور ملک کو انارکی کی طرف جانے سے بچائیں۔ ملازمین ملک کے خیر خواہ ہیں۔ ان کو ملک دشمن نہ بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی جنرل سیکرٹری نصیر الدین ہمایوں ملک نے فیڈریشن کے اجلاس میں کیا۔ اور عہد کیا کہ ملازمین کے حقوق کی جنگ آخری سانس تک لڑی جائیگی۔

مشترکہ کھاتوں کی تقسیم کے سلسلہ میں محکمہ ریونیو کے زیر اہتمام نجی حال میں آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا

سیمینار میں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مشترکہ کھاتوں کی تقسیم کے سلسلہ میں محکمہ ریونیو کے زیر اہتمام نجی حال میں آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا، سیمینار میں ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رانا محمد عمر، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ضلع بھر سے تحصیلدار، نائب تحصیلدار، گرداور اور پٹواریوں نے شرکت کی، سیمینار میں لاہور سے آئے ہوئے ایسوسی ایٹ کنسلٹنٹ فسران کو مشترکہ کھاتوں کی تقسیم کے بارے میں لیکچر دیا، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے سیمینار میں شریک شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مشترکہ کھاتوں کی تقسیم سے جائیداد کی حدود اور ملکیت کے تنازعات کا خاتمہ اور دیوانی مقدمات میں کمی ہوگی، وٹہ سٹہ سے ہونے والی خانگی تقسیم میں آسانی ہوگی، خواتین کے حقوق کا تحفظ، زمین کی خرید و فروخت میں آسانی ہوگی، مشترکہ کھاتوں کی تقسیم سے لڑائی جھگڑوں کا خاتمہ ہوگا، زمینداروں کو اپنی زمین کا نمبر الاٹ ہوگا، انکا مزید کہنا تھا کہ مشترکہ کھاتوں کی تقسیم سے وسائل اور وقت سمیت پیسوں کی بھی بچت ہوگی، موضع کا ٹاپوگرافک مکمل ہونے پر متعلقہ پٹواری اور ریونیو افسران کو بھی اسٹیٹمنٹ ملے گا، آخر میں ڈپٹی کمشنر نے موضع جات کے پٹواری حضرات میں سیکشنری باکس تقسیم کیے۔

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر پتنگ بازی کے خلاف تعلیمی اداروں میں خصوصی مہم جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر پتنگ بازی کے خلاف تعلیمی اداروں میں خصوصی مہم جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ کوتوالی شاہد امیر نے نجی سکول میں بچوں کو پتنگ بازی جیسی جان لیوا تفریح کے بارے میں آگاہی دی۔ سکول انتظامیہ نے آگاہی مہم کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے جھنگ پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔ پتنگ بازی کے خلاف جاری مہم کے حوالے سے ڈی پی او کا کہنا تھا کہ قانون شکنوں کی پکڑ دھکڑ کیساتھ ساتھ بچوں کو پتنگ بازی کے نقصانات کے بارے میں سنسٹائز کیا جا رہا ہے۔ شہری قیمتی انسانی زندگی کے تحفظ کیلئے قانون کی پاسداری کریں اور والدین اور اساتذہ آگاہی میں حصہ لیں۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ شہریوں کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے، پتنگ سازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف بلا تفریق کاروائی عمل میں لائی جائے گی

انصاف کی فراہمی کو شہریوں کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

ڈی پی او نے شہریوں کی درخواستیں اور مسائل سنے اور موقع پر ہی فوری حل کے احکامات جاری کیے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کا انصاف کی فراہمی کو شہریوں کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری۔ ڈی پی او نے جمعہ کی نماز کے بعد مرکزی جامع مسجد نور مینار والی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او نے شہریوں کی درخواستیں اور مسائل سنے اور موقع پر ہی فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او ننکانہ کا کہنا تھا کہ مسجد میں کھلی کچہری کا مقصد تمام طبقات کے لوگوں سے رابطہ مہم یقینی بنانا ہے۔ شہریوں کی پولیس سے متعلقہ شکایات کا ترجیحی بنیادوں پر حل اولین ترجیح ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تمام درخواستوں میں انصاف کی فراہمی کا عمل منصفانہ طور پر یقینی بنایا جائیگا۔ انصاف کی فراہمی اور کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ کھلی کچہری میں ڈی ایس پی ٹریفک ننکانہ سید فرخ اظہر، ایس ایچ او تھانہ سٹی آصف بھٹی، علاقہ معززین، میڈیا، پولیس افسران و ملازمان اور مختلف علاقوں سے آئے شہری بھی موجود تھے۔

ڈی پی او نارووال کی قلعہ احمد آباد میں کھلی کچہری

ڈی پی او نے ایس ایچ او تھانہ احمد آباد کو ناجائز تجاوزات اور قبضہ مافیا سے سرکاری جگہ واہ گزار کروانے کے احکامات صادر فرمائے



قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد میں ڈی پی او نارووال کی شہریوں کو انکی دہلیز پر انصاف کی بروقت فراہمی کیلئے قلعہ احمد آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ شہریوں کی طرف سے اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز پیش کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او ملک نوید کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کو انصاف کی بروقت فراہمی کیلئے قلعہ احمد آباد میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے فرداً فرداً اپنے مسائل بتائے، سٹی پریس کلب احمد آباد کے صحافیوں نے شکایات اور تجاویز پیش کیں۔ سٹی پریس کلب احمد آباد کے صحافیوں کی طرف سے گرلز ہائی اسکول مین بازار اور لاری اڈہ کے اطراف ناجائز تجاوزات اور قبضہ مافیا کی نشاندہی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او نارووال نے ایس ایچ او تھانہ احمد آباد کو ناجائز تجاوزات اور قبضہ مافیا سے سرکاری جگہ واہ گزار کروانے کے احکامات صادر فرمائے۔ عوامی مسائل کے فوری اور موثر حل کیلئے پولیس افسران کو احکامات جاری کئے اور مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کے عزم کا اظہار بھی کیا۔ ڈی پی او نارووال کا کہنا تھا کہ دیہی علاقوں میں چوری کی وارداتوں کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں۔ ڈی پی او نے پولیس اور شہریوں کے درمیان بہتر تعلقات قائم رکھنے پر زور دیا۔ شہریوں کے مطالبے پر ڈی پی او نارووال نے خدمت کاؤنٹر بنانے اور تھانہ احمد آباد میں اضافی گشت بھڑانے کرنے کا بھی حکم دیا۔ ڈی پی او نارووال کا مزید کہنا تھا کہ جرائم کے خاتمے کیلئے نارووال پولیس موثر کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس موقع پر شہریوں نے کھلی کچہری میں پولیس کی کارکردگی پر اعتماد کا بھی اظہار کیا۔

اظہارِ یکجہتی کشمیر و یوم سیاہ کے حوالے سے احتجاجی ریلی

ڈی سی دفتر سے نکالی گئی جس کی قیادت کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کی شرکت



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ کے زیر اہتمام 05 فروری (کشمیر ڈے) اظہار یکجہتی کشمیر و یوم سیاہ کے حوالے سے احتجاجی ریلی ڈی سی دفتر سے نکالی گئی۔ جس کی قیادت کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کی، ریلی کے انعقاد کا مقصد بھارتی حکومت کے کشمیر پر غاصبانہ قبضے کا خاتمہ اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنانا ہے تاکہ مظلوم کشمیری عوام آزادی سے زندگی گزار سکیں۔ ریلی کا سرکاری سطح پر منانے کا مقصد مظلوم کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی ہے، ریلی ڈپٹی کمشنر دفتر سے دستگیر چوک ڈی او ہیلتھ دفتر تک نکالی گئی۔ انشاء اللہ وہ وقت بھی جلد آئے گا جب ہم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی آزادی کے دن کو اسی طرح منائیں گے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد شرکاء کی کشمیریوں کے حق میں اور بھارتی حکومت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی۔ مظاہرین کے "کشمیر بنے گا پاکستان" شدید نعرے بازی کی گئی، ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینر اٹھا رکھے تھے، شرکاء نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے مظلوم کشمیریوں کو حق خود ارادیت انکی امنگوں اور قراردادوں کو مطابق دینے کا مطالبہ کیا۔ کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے اظہار یکجہتی کشمیر احتجاجی ریلی کی قیادت کی اور انہوں نے شرکاء سے خطاب میں کہا کہ کشمیر کی آزادی تک اور ان کے حق خود ارادیت ملنے تک پاکستان کی پوری قوم ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور مزید کہا کہ کشمیر بھارتی تسلط سے جلد آزاد ہوگا۔ کشمیری عوام کے دل پاکستانیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں اور پاکستانی قوم اپنے کشمیری بہن، بھائیوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ہر سطح آواز بلند کرتی رہے گی۔ ضلعی انتظامیہ نے یوم کشمیر کے موقع پر اپنے مظلوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشمیریوں کا استحصال اور غیر قانونی محاصرہ آزادی کو روک نہیں سکتا، کشمیریوں کو حق خود آزادیت نہ دینا غیر قانونی اور سیاہ اقدام ہے اور کشمیر کا ذرہ ذرہ کشمیریوں کی جدوجہد کا امین ہے۔

رانا ندیم وفیصل خان سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کا قیمتی اثاثہ تھے: اظہر حمید بھٹی

سیالکوٹ (بیورو چیف) چیمبر آف کامرس و سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کے درخشاں ستارے رانا ندیم احمد سابقہ چیئرمین ٹی ایم اے ولاء اینڈ آرڈر کمیٹی اور سابقہ سنیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فیصل محمود خان کی اچانک وفات پر انتہائی دکھ ہوا بلاشبہ دونوں دوست سیالکوٹ کے صنعتکاروں کے مسائل ہوں یا بزنس پروموشنز کیلئے اقدامات ان کی خدمات ناقابل فراموش رہی ہیں ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین اظہر حمید بھٹی و ڈائیریکٹران سانولے انڈسٹریز بیرسٹر ابوبکر بھٹی اور عباد اظہر بھٹی نے میڈیا میں اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں کیا۔ اظہر حمید بھٹی نے کہا کہ دونوں مرحومین کی بلندی درجات کیلئے دعا گو ہیں اور مرحومین کے خاندانوں کیساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انکے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

گورنمنٹ ہائی سکول مصطفی آباد میں مستحق بچوں میں یونیفارم تقسیم کرنے کی تقریب



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ ہائی سکول مصطفی آباد میں مستحق بچوں میں یونیفارم تقسیم کرنے کی تقریب، تقریب میں زبیدہ اقبال فاؤنڈیشن ویلفیئر فاؤنڈیشن کی طرف چیئرمین چوہدری فرغام طور نے 131 طلبہ میں یونیفارم تقسیم کی گئی، مہمانوں کی آمد پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے استقبال کیا گیا، تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ہائی سکول مصطفی آباد میں زبیدہ اقبال ویلفیئر فاؤنڈیشن کی طرف سے سکول کے مستحق طلبہ میں مکمل یونیفارم اور شوز تقسیم کئے گئے تقریب میں چیئرمین زبیدہ اقبال ویلفیئر فاؤنڈیشن چوہدری فرغام طور، وائس چیئرمین چوہدری فرحان، فنانس سیکرٹری سید محمد اظہر، چوہدری خادم طور، چوہدری ایوب صابر، چوہدری صہیب احسن، سلیل احمد خاں، اشتیاق طور، پروفیسر ایوب، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ، سیٹھ محمد حسین صدر الیکٹرونک میڈیا مصطفی آباد سمیت دیگر مہمانوں کی آمد پر پرنسپل ظفر محمود و دیگر اساتذہ و طلبہ نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے پھولوں کے گلدستے پیش کر کے مہمانوں کا شاندار استقبال کیا گیا، تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، تقریب میں آنے والے مہمانوں نے زبیدہ اقبال ویلفیئر فاؤنڈیشن کی طرف سے 131 طلبہ میں مکمل یونیفارم اور شوز تقسیم کئے، چوہدری فرغام طور نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایجوکیشن میری پہلی ترجیح ہے، میں بھی اسی سکول سے تعلیم حاصل کر کے گیا ہوں۔

میاں محمد معظم نواز کی زیر صدارت سٹی پریس کلب نارنگ کا اجلاس

شرکاء نے پیکا ایکٹ کی مذمت کرتے ہوئے فوری واپس لینے کا مطالبہ کیا



نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سٹی پریس کلب نارنگ کا ماہانہ اجلاس میاں محمد معظم نواز کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں وائس چیئرمین اعظم علی باجوہ چیئرمین سپریم کونسل شکیل احمد مغل نائب صدر ظہیر ارشد مغل جنرل سیکرٹری محمد صاحب متیو سیکرٹری اطلاعات ولید اٹھوال میاں عبدالمنان عثمان مان شاہد محمود بٹ ملک ظہیر عباس محسن رشید سیٹھ وقاص اور میاں محمد منشاء نے شرکت کی شرکاء نے پیکا ایکٹ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پیکا ایکٹ آزادی صحافت پر حملہ اور قلم کو زور زبردستی روکنے کی سازش ہے اسے مسترد کرتے ہیں فوری واپس لیا جائے صحافت پر پابندی کسی صورت بھی نہیں لگائی جا سکتی پیکا ایکٹ کے غلط استعمال کا خدشہ ہے صحافی برادری مطالبہ کرتی ہے کہ پیکا ایکٹ کو فوری واپس لیا جائے۔

قصور نجی زرنگ کالج قصور کی شاندار کامیابی کا سلسلہ برقرار، فیصد کامیاب رزلٹ پر سیاسی سماجی تنظیموں کی مبارک باد

قصور (بیورو چیف) قصور نجی زرنگ کالج قصور کی شاندار کامیابی کا سلسلہ برقرار، فیصد کامیاب رزلٹ پر سیاسی سماجی تنظیموں کی مبارک باد وصول کی، ایچ ای سی اور بی آئی ای قصور کے مطابق آج زرنگ ایجوکیشن بورڈ پنجاب کے 2024 انٹرمیڈیٹ امتحانی سیشن ایل ایچ وی اور بی این اے دو سالہ ڈپلومہ پروگرام میں زینب زرنگ کالج قصور نے اپنی سابقہ دس سالہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے آمنہ قادری ایل ایچ وی فائنل ایئر نے 1034 نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کر کے ایل ایچ وی کا 2 سالہ ڈپلومہ پروگرام میں زینب زرنگ کالج قصور نے اپنی سابقہ دس سالہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ایل ایچ وی فائنل ایئر کی 172 طالبات نے امتحان میں حصہ لیا جس میں 172 طالبات ایل ایچ وی اور بی این اے کے انتخابات میزان پاس ہوئے علاقہ کی سیاسی سماجی فلاحی صحافتی تنظیموں نے ادارہ کی انتظامیہ اور پرنسپل کو مبارک باد دی اور کہا کہ زینب زرنگ کالج حق طالبات کے لیے ایک نعمت سے کم نہیں

ریسکیو 1122 گوجرانوالہ کی جانب سے کشمیریوں سے اظہارِ یکجہتی کے لیے سیمینار اور واک کا اہتمام

کشمیریوں کو حق خود آرادیت نہ دینا غیر قانونی اور سیاہ اقدام ہے اور کشمیر کا ذرہ ذرہ کشمیریوں کی جدوجہد کا امین ہے



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ریسکیو 1122 گوجرانوالہ کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے سیمینار اور واک کا اہتمام۔ گوجرانوالہ: ریسکیو 1122 کے افسران، ریسکیو اہلکاروں اور ریسکیو مخافلوں نے اپنے مظلوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کا اظہار کیا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر گوجرانوالہ میاں رفعت ضیاء نے کہا کہ کشمیریوں کا استحصال اور غیر قانونی محاصرہ صبح آزادی کو روک نہیں سکتا۔ کشمیریوں کو حق خود آرادیت نہ دینا غیر قانونی اور سیاہ اقدام ہے اور کشمیر کا ذرہ ذرہ کشمیریوں کی جدوجہد کا امین ہے۔ مظلوم کشمیری عوام پر ظلم و جبر کی جو بربریت جاری ہے کشمیری عوام خود کو اکیلا نہ سمجھیں ہم سب ان کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں۔ آج پوری قوم کشمیری بہن بھائیوں سے یکجہتی کی تجدید کرتی ہے اور ہر پاکستانی کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے ضلعی انتظامیہ نے اظہار یکجہتی کشمیر ریلی کا انعقاد کیا جو ڈپٹی کمشنر آفس گوجرانوالہ سے شروع ہو کر دستگیر چوک کے سامنے اختتام پذیر ہوئی جس میں ریسکیو ز اور ریسکیو محافظوں نے کثیر تعداد میں بھرپور شرکت کی اور اسکے علاوہ ضلعی افسران، اہلیان ضلع، سیاسی و سماجی شخصیات اور صحافیوں نے بھی شرکت کی اور اس عزم کا عیادہ کیا کہ ہم ہر مشکل گھڑی میں اپنے مظلوم کشمیری بہن بھائیوں بچوں بزرگوں کے قدم بہ قدم ساتھ کھڑے ہیں۔ ریلی شرکاء تقریب نے پاکستان اور کشمیر کے جھنڈے تھام رکھے تھے۔ ریلی کے اختتام پر ضلعی انتظامیہ، ریسکیو افسران اور ریسکیو اہلکاروں اور دیگر شرکاء نے کشمیری عوام اور ملک و قوم کی سلامتی کے لئے دعا بھی کی۔ مزید برآں ریسکیو 1122 گوجرانوالہ کے تمام ریسکیو اسٹیشنز پر کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی اور مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے کیلئے سیمینار اور ریلیوں کا انعقاد بھی کیا گیا۔

گیمبر ضلعی انتظامیہ تندور مالکان کے آگے بے بس، انتظامیہ خاموش تماشائی

روٹی اور نان مہنگے داموں فروخت ہونے لگے، وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ

گیمبر اوکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) گیمبر ضلعی انتظامیہ تندور مالکان کے آگے بے بس گیمبر قادر آباد اور اس کے گرد و نواح میں روٹی اور نان مہنگے داموں فروخت ہونے لگے پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی کارکردگی فوپسیشن تک محدود وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گیمبر قادر آباد یوسف والا نورشاہ اور اس کے گرد و نواح میں تندور مالکان کی سرعام غنڈہ گردی اور بدمعاشی جاری روٹی اور نان کم وزن کے ساتھ مہنگے داموں فروخت جاری جس کی وجہ سے غریب عوام شدید پریشان لیکن بدمستی سے ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ نے تندور مالکان کے حوالے سے اپنی آنکھیں بند کر کے سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنا شروع کر دی گیمبر قادر آباد کی عوام کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ بے لگام تندور مالکان کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں تاکہ عوام کو سستے داموں روٹی مل سکے

ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ کی جامعہ مسجد محمدیہ کنگنی والا میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سنے اور کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان حائل فاصلوں کو کم کر کے نہ صرف انصاف کے تقاضے پورے کرنا ہے



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ کی جامعہ مسجد محمدیہ کنگنی والا میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور شہریوں کے مسائل سنے اور کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان حائل فاصلوں کو کم کر کے نہ صرف انصاف کے تقاضے پورے کرنا ہے بلکہ معاشرے کو امن کا گہوارہ بھی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ کی عوام کو چاہیے کہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی سے دور رہے اور سماج دشمن عناصر کی بیخ کنی کے لیے ایسے افراد منشیات فروشوں، قحبہ خانوں اور کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث افراد کی نشاندہی کریں اور ریجنل پولیس گوجرانوالہ کا ساتھ دیں۔ آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے شہریوں کے مسائل سنے اور انکے حل کے لیے فوری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ ہر شہری کو حق حاصل ہے کہ اپنی شکایت درج کروانے کے لئے جس وقت چاہے ہمارے دفاتر میں آسکے، عوام الناس کے لیے ہمارے دفاتر کے دروازے دن، رات کھلے ہیں۔ گوجرانوالہ شہر امن پسند لوگوں کا شہر ہے جہاں پر تمام مکاتب فکر کے لوگ آپس میں رواداری اور پیار محبت سے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اس موقع پر ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد تیز ترین انصاف شہریوں کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے، عوام الناس اپنے مسائل بیگر بلا جھجک کھلی کچہریوں میں پیش کریں جہاں انکے مسائل موقع پر حل کیے جائیں گے۔

کشمیر کے بغیر پاکستان نامکمل ہے: حسام وقار چیمہ

وزیر آباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے رہنما حسام وقار چیمہ نے کہا ہے کہ کشمیر کے بغیر پاکستان نامکمل ہے طاقت کے نشہ میں مدہوش ہندوستان نے کشمیر کی ایک کروڑ عوام پر مظالم کا پہاڑ کرنے والا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔ پاکستان کی عوام کشمیری بھائیوں کی اخلاقی سفارتی مدد جاری رکھے گی، اقوام متحدہ اور عالمی برادری خواب خرگوش کی نیند سے بیدار ہو اور اپنی قراردادوں پر عمل کروا کے کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے دے۔

کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی کا انعقاد

کشمیریوں کو مرضی سے زندگی گزارنے کا حق دیا جائے، ریلی کے شرکاء کا خطاب



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ہیومن ریسورس ویلفیئر سوسائٹی گل رحیم ٹاؤن/جمیل پارک کے زیر اہتمام جنرل سیکریٹری شوکت سلطان بٹ میاں عبدالرشید، غلام فرید کی قیادت میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ایک ریلی ضلع کونسل چوک سے پریس کلب تک نکالی گئی۔ جس سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسلم امہ اور اقوام متحدہ بھارت کی جانب سے کشمیریوں کی نسل کشی بند کرنے اور انہیں اپنی مرضی سے زندگی گزارنے کا حق دیا جائے۔

"مار نہیں پیار" کا بیانیہ کاغذوں کی حد تک محدود ہو کر رہ گیا

منچن آباد کے پرائیویٹ کالج میں طلبہ پر تشدد معمول بن چکا ہے

منچن آباد (چوہدری محمد مقصود کھیل رپورٹر) منچن آباد میں حکومت پنجاب کا "مار نہیں پیار" کا بیانیہ کاغذوں کی حد تک محدود ہو کر رہ گیا منچن آباد کے پرائیویٹ کالج میں طلبہ پر تشدد معمول بن چکا ہے طلبہ پر تشدد کے واقعات والدین میں شدید غم و غصہ کی فضا پائی جا رہی ہے معمولی بات پر ڈنڈوں کا استعمال اسٹاف نے اپنا وطیرہ بنا رکھا ہے گزشتہ روز شمس والا کا رہائش طالب علم غضنفر پاشا جو عبید اللہ کالج میں صدام حسین کے ہاتھوں تشدد کا نشانہ بنا متاثرہ طالب علم کی کہنی پر ڈنڈے لگنے سے ضربات آئی متاثرہ طالب ان غضنفر پاشا کا ویڈیو بیان میڈیا نے حاصل کر لیا ہے غضنفر حیدر پاشا کے والد بشیر جوئیہ کا کہنا تھا کہ ان کے بیٹے پر تشدد کالج منظور کے پرنسپل شہزاد احمد کی شہ پر ہوا ہے قبل ازیں بھی اسی کالج میں ایک طالب علم پر تشدد کے باعث اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی تھی واضح رہے کہ دور دراز سے آنے والے طلبہ کا دھند اور سردی میں چند منٹ لیٹ آنا جرم بن جاتا ہے گیٹ پر کھڑے ہو کر طلبہ پر شدت کیا جاتا ہے طلبہ اور ان کے والدین نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور وزیر تعلیم پنجاب سے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے

کشمیر سے یکجہتی کیلئے شر قپور جمخانہ کے زیر اہتمام تقریب کا انعقاد

مہمانان خصوصی اسد منظور بٹ صدر لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن اور میاں ابوذر شاد صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری تھے



شر قپور شریف (شیخ ماجد اقبال نمائندہ خصوصی) شر قپور جمخانہ کے زیر اہتمام تقریب کا انعقاد۔ شر قپور جمخانہ کلب کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر اور شر قپور کی معاشی ترقی ک

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

صدرِ مملکت اور چینی ہم منصب کی ملاقات

چین کے دورے پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے چینی ہم منصب سے ملاقات کی جس میں فریقین نے باہمی اور وفود کی سطح پر مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ آصف زرداری نے چینی صدر شی جن پنگ سے ملاقات میں کہا کہ یہ غلط ہے کہ پڑوسی سے زیادہ ہمارے قریب کوئی اور ہے۔ کیونکہ چین کی اور ہماری سرحدیں آپس میں ملتی ہیں۔ بیجنگ کے گریٹ ہال آف چائنا میں ہونے والی اس ملاقات میں چینی شہریوں کی پاکستان میں سکیورٹی اور سی پیک منصوبوں میں تیزی لانے پر بات ہوئی۔ ملاقات میں علاقائی، بین الاقوامی امور اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ شراکت داری کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے مواقع پر بھی بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر صدر مملکت نے کہا کہ چین کی مثالی ترقی اور خوشحالی چینی قیادت کے وژن اور عوام کی فعالیت کا مظہر ہے۔ چینی صدر شی جن پنگ نے بھی پاکستان سے تعلق پر گہرے اعتماد کا اظہار کیا اور کہا کہ چین اور پاکستان فولادی دوست اور ہر موسم کے تزویراتی شراکت دار ہیں، سی پیک کی تعمیر اور مختلف شعبوں میں تعاون دوطرفہ تعلقات کی اعلیٰ مثال ہے۔ چین کی پاکستان کے ساتھ بے لوث محبت اور بے مثال دوستی نے پاکستان کے تمام اتحادیوں میں چین کو نمایاں کر دیا ہے پاکستان بھی اپنے تمام اتحادیوں کے مقابلے میں چین کو اہمیت دیتا ہے۔ دونوں ملکوں کی قیادت تعلقات کو مزید گہرا اور مضبوط کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

دورِ حاضر کا "انقلابی" ٹرمپ

ایک بات طے ہوگئی اور وہ یہ کہ ٹرمپ بھولا نہیں بلکہ بہت کائیاں شخص ہے۔ اس کے دل میں کئی دنوں سے جو بے تحاشہ منصوبے پل رہے ہیں۔ وہ ان منصوبوں کو محض خواب کی صورت نہیں دیکھتا۔ انہیں عملی جامہ پہنانے کی تیاری بھی کی ہوتی ہے۔ نظر بظاہر لیکن وہ ایک موڈی انسان دِکھتا ہے۔ دل میں جو آیا بول دیا اور اس کی کہی بات پر عمل نہ ہو تو اسے بھول گیا۔ ایسے شخص سے زیادہ خطرناک شخص کوئی ہو ہی نہیں سکتا جس کے بارے میں ہم فیصلہ ہی نہ کر پائیں کہ وہ کس معاملہ میں سنجیدہ ہے اور کہاں انگریزی محاورے کے مطابق محض پانی کا امتحان لے رہا ہے۔ نومبر کا صدارتی انتخاب لڑنے سے قبل وہ نہایت ڈھٹائی سے خود کو امن کا پیغامبر کہتا رہا۔ 2016 سے اس نے اپنے بارے میں یہ بات مشہور کر رکھی ہے کہ ایک کاروباری شخص ہوتے ہوئے وہ جنگوں سے نفرت کرتا ہے۔ امریکہ کی عسکری قیادت جسے وہ حقارت سے ڈیپ اسٹیٹ پکارتا ہے مگر اس کے ملک کو کسی نہ کسی جنگ میں ملوث کر دیتی ہے۔ امریکہ سے کہیں دور لڑنے والی جنگوں میں قومی مفاد کی تلاش ممکن نہیں۔ اس کی بدولت مگر اسلحہ ساز کارخانوں کی رونق لگ جاتی ہے۔ اسلحہ ساز کارخانوں کے علاوہ سفارت کاروں، تھنک ٹینکوں اور این جی اوز کا ایک بہت بڑا گروہ بھی امریکی عسکری قیادت کا چہیتا بن کر اپنی دوکانیں کھول لیتا ہے۔ سچی بات ہے کہ افغانستان کے علاوہ عراق پر مسلط کردہ جنگ کو برسرِ زمین جا کر رپورٹ کرنے کے بعد میں سادہ لوحی میں ٹرمپ کے خیالات کو اکثر سراہتا ہوں۔ امریکی افواج بڑے لاؤ لشکر سمیت افغانستان میں 21 برس تک موجود رہیں۔ ان کے وہاں قیام کے دوران فوجی ٹھیکے داروں کے کئی گروہ میری آنکھوں کے سامنے ابھرے۔ ان میں سے کئی ایک کا تعلق ہمارے صوبہ خیبر پختونخواہ سے بھی تھا۔ وہ کُھلے سے لکھ ہوئے محاورے کی عملی مثال بنے۔ ہمارے ہاں اگر تحقیق کو سنجیدگی سے لیا جاتا تو بآسانی ثابت کیا جاسکتا ہے کہ عمران خان کے نام پر قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں پہنچے خیبر پختونخواہ کے کئی لوگ امریکی افواج کی افغانستان میں موجودگی کے دوران اپنے ہاں کی پرانی اشرافیہ کے مقابلے میں لکھ لٹ نودولتیوں کی صورت ابھرے تھے۔ انہوں نے چارسدہ، مردان، صوابی اور نوشہرہ جیسے شہروں میں عمران خان کے نام پر ووٹ حاصل کئے۔ اسمبلیوں میں پہنچے تو اپنے اثر ورسوخ کو نہایت بے دردی سے استعمال کیا۔ علی امین گنڈاپور کے دور میں بھی یہ چلن جاری ہے۔ تفصیلات بیان کرنے کو یہ دن مگر مناسب نہیں۔ آج توجہ ڈونلڈ ٹرمپ پر مرکوز رکھنا ہوگی۔ 20 جنوری 2025 کے دن سے اپنے عہدے کا حلف اٹھانے کے بعد سے وہ عجیب وغریب فیصلے کئے چلے جارہا ہے۔ اپنی کابینہ کے لئے اس نے جو لوگ نامزد کئے ہیں ان کی اکثریت کسی بھی حوالے سے اس عہدے پر فائز ہونے کے قابل نہیں جن کے لئے انہیں نامزد کیا گیا ہے۔ ان کی نامزدگی کا جائزہ لیتے ہوئے بلکہ محسوس ہوتا ہے کہ ٹرمپ واقعتاً دورِ حاضر کا انقلابی ہوتے ہوئے امریکی ریاست کے دائمی اداروں کو نیست ونابود کرنا چاہ رہا ہے۔ حق بات یہ بھی ہے کہ اس کی جانب سے پھیلائی افراتفری مجھ پرانے سرخے کو کبھی کبھار بہت بھاتی ہے جو سکول کے دنوں ہی سے امریکہ کے یاروں کو غدار پکارتا تھا۔ جوانی کے جذبات ذرا ٹھنڈے ہوئے تو کئی بار پیشہ وارانہ وجوہات کی بنیاد پر امریکہ جانے کا اتفاق ہوا۔ ایک مرتبہ وہاں کے مشہور اور قابل رشک گردانے فلیچر سکول آف لا اینڈ ڈپلومیسی میں چھ ماہ کی تربیت بھی میسر ہوئی۔ امریکہ میں قیام کے دوران روزمرہ تجربات سے دریافت کیا کہ اپنی سامراجی سرشت کے باوجود یہ ملک انفرادی آزادی کا نہ صرف احترام کرتا ہے بلکہ اس کی حوصلہ افزائی بھی کرتا ہے۔ عام امریکی شہری کو میں نے بالعموم انتہائی سادہ، صاف گو اور کئی حوالوں سے انسان دوست محسوس کیا۔ امریکہ کے ریاستی اور غیر ریاستی اداروں کے نظام نے بھی مجھے بہت متاثر کیا۔ مذکورہ پہلوؤں کو ذہن میں رکھتے ہوئے میں دیانتداری سے یہ سوچتا ہوں کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی وائٹ ہاؤس آمد اس ملک کے لئے خیر کی خبر نہیں۔ پھر یہ سوچتے ہوئے خود کو تسلی دیتا ہوں کہ ٹرمپ جانے اور امریکی جنہوں نے اسے نہایت اشتیاق سے 2024 کے صدارتی انتخاب میں ووٹ دئے ہیں۔ بدھ کی صبح مگر دریافت ہوا کہ ٹرمپ اپنے سے مختص افراتفری کو محض امریکہ تک ہی محدود رکھنا نہیں چاہتا۔ گزشتہ کئی مہینوں سے وحشیانہ ضد کے ساتھ غزہ میں مسلسل بمباری سے فلسطینیوں کی نسل کشی میں مصروف اسرائیل کا وزیر اعظم نیتن یاہو پہلا غیر ملکی سربراہ ہے جسے واشنگٹن ٹرمپ سے ملاقات کے لئے مدعو کیا گیا ہے۔ واشنگٹن آمد سے قبل تین مرتبہ نیتن یاہو نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اس وقت تک غزہ میں داعی امن کو آمادہ نہیں ہوگا جب تک وہاں نسلوں سے آباد 20 لاکھ سے زیادہ فلسطینیوں کو مصر اور اردن اپنے ہاں آباد کرنے کو آمادہ نہیں ہوتے۔ فلسطینی نیتن یاہو کے نزدیک انسان نہیں بلکہ بدی ہیں جن سے غزہ کی پٹی کو صاف کرنا ہوگا۔ صیہونی نسل پرستوں نے 1948 سے جاری ہوئی نقبہ کے ذریعے فلسطینیوں کو ان کے آبائی قصبوں اور گھروں سے زبردستی نکال کر اسرائیل کو وسعت دینا شروع کی تھی۔ نیتن یاہو کی واشنگٹن جانے سے قبل غزہ کے متعلق ہوئی تقاریر صیہونی توسیع پسندی کا اظہار سنائی دیں۔ بدھ کے دن مگر غزہ کو فلسطینیوں سے پاک کرنے کا مشن ٹرمپ نے نیتن یاہو سے اچک لیا ہے۔ نیتن یاہو کے ساتھ کھڑے ہوکر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اس نے کہا کہ فلسطینیوں کو غزہ سے نکال کر وہ اس پٹی میں امریکی فوج بھیجے گا۔ وہ اس علاقے کو دھماکہ خیز مواد اور بمباری سے جمع ہوئے ملبوں کے انبار سے صاف کردے گی تو امریکہ غزہ میں ایک نئی بستی بنائے گی۔ مجوزہ بستی اسرائیل یا فلسطینیوں کی نہیں بلکہ امریکہ کی ملکیت ہوگی۔ سمندر کے کنارے آباد جدید ترین سہولتوں سے آباد بستی۔ فلسطینیوں کو شرپسند ہونے کی وجہ سے لیکن وہاں رہنے کا حق نصیب نہیں ہوگا۔ ٹرمپ مصر اور اردن وغیرہ کو مجبور کرے گا کہ وہ انہیں اپنے ہاں آباد کرے۔ نظر بظاہر غزہ کی پٹی ہتھیانے کا جو اعلان ڈونلڈ ٹرمپ نے کیا وہ اچانک وجیران کن ہے۔ تھوڑی تحقیق کا تردد کریں اور انٹرنیٹ پر جائیں۔ وہاں سرچ میں Middle East Initiative لکھیں۔ یہ پروگرام امریکہ کا مشہور کینڈی سکول آف گورنمنٹ چلاتا ہے۔ وہاں ایک تقریب سے ٹرمپ کے یہودی داماد جیرڈ کشنر نے خطاب کیا تھا۔ یہ خطاب 2024 میں ہوا اور یوٹیوب پر بآسانی میسر ہے۔ فروری 2024 میں ہوئے خطاب کے دوران جیرڈ کشنر واضح الفاظ میں یہ کہہ رہا ہے کہ غزہ جب فلسطینیوں سے خالی ہوجائے تو سمندر کے کنارے ایک جدید ترین بستی بنائی جائے۔ وہ دنیا کا ایک بہترین اور قیمتی Resort تفریح گاہ یا تعطیلات گزارنے کا مقام (بھی ثابت ہوسکتی ہے۔ قصہ مختصر نیتن یاہو کی امریکہ میں موجودگی کے دوران ٹرمپ نے غزہ پر حق دعوی اچانک نہیں کیا۔ اس کے لئے تیاری پہلے سے ہوچکی تھی۔ اب فقط اعلان ہوا ہے۔



عام امریکی شہری کو میں نے بالعموم انتہائی سادہ، صاف گو اور کئی حوالوں سے انسان دوست محسوس کیا۔ امریکہ کے ریاستی اور غیر ریاستی اداروں کے نظام نے بھی مجھے بہت متاثر کیا۔ مذکورہ پہلوؤں کو ذہن میں رکھتے ہوئے میں دیانتداری سے یہ سوچتا ہوں کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی وائٹ ہاؤس آمد اس ملک کے لئے خیر کی خبر نہیں۔ پھر یہ سوچتے ہوئے خود کو تسلی دیتا ہوں کہ ٹرمپ جانے اور امریکی جنہوں نے اسے نہایت اشتیاق سے 2024 کے صدارتی انتخاب میں ووٹ دئے ہیں۔ بدھ کی صبح مگر دریافت ہوا کہ ٹرمپ اپنے سے مختص افراتفری کو محض امریکہ تک ہی محدود رکھنا نہیں چاہتا۔ گزشتہ کئی مہینوں سے وحشیانہ ضد کے ساتھ غزہ میں مسلسل بمباری سے فلسطینیوں کی نسل کشی میں مصروف اسرائیل کا وزیر اعظم نیتن یاہو پہلا غیر ملکی سربراہ ہے جسے واشنگٹن ٹرمپ سے ملاقات کے لئے مدعو کیا گیا ہے۔ واشنگٹن آمد سے قبل تین مرتبہ نیتن یاہو نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اس وقت تک غزہ میں داعی امن کو آمادہ نہیں ہوگا جب تک وہاں نسلوں سے آباد 20 لاکھ سے زیادہ فلسطینیوں کو مصر اور اردن اپنے ہاں آباد کرنے کو آمادہ نہیں ہوتے۔ فلسطینی نیتن یاہو کے نزدیک انسان نہیں بلکہ بدی ہیں جن سے غزہ کی پٹی کو صاف کرنا ہوگا۔ صیہونی نسل پرستوں نے 1948 سے جاری ہوئی نقبہ کے ذریعے فلسطینیوں کو ان کے آبائی قصبوں اور گھروں سے زبردستی نکال کر اسرائیل کو وسعت دینا شروع کی تھی۔ نیتن یاہو کی واشنگٹن جانے سے قبل غزہ کے متعلق ہوئی تقاریر صیہونی توسیع پسندی کا اظہار سنائی دیں۔ بدھ کے دن مگر غزہ کو فلسطینیوں سے پاک کرنے کا مشن ٹرمپ نے نیتن یاہو سے اچک لیا ہے۔ نیتن یاہو کے ساتھ کھڑے ہوکر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اس نے کہا کہ فلسطینیوں کو غزہ سے نکال کر وہ اس پٹی میں امریکی فوج بھیجے گا۔ وہ اس علاقے کو دھماکہ خیز مواد اور بمباری سے جمع ہوئے ملبوں کے انبار سے صاف کردے گی تو امریکہ غزہ میں ایک نئی بستی بنائے گا۔ مجوزہ بستی اسرائیل یا فلسطینیوں کی نہیں بلکہ امریکہ کی ملکیت ہوگی۔ سمندر کے کنارے آباد جدید ترین سہولتوں سے آباد بستی۔ فلسطینیوں کو شرپسند ہونے کی وجہ سے لیکن وہاں رہنے کا حق نصیب نہیں ہوگا۔ ٹرمپ مصر اور اردن وغیرہ کو مجبور کرے گا کہ وہ انہیں اپنے ہاں آباد کرے۔ نظر بظاہر غزہ کی پٹی ہتھیانے کا جو اعلان ڈونلڈ ٹرمپ نے کیا وہ اچانک وجیران کن ہے۔ تھوڑی تحقیق کا تردد کریں اور انٹرنیٹ پر جائیں۔ وہاں سرچ میں Middle East Initiative لکھیں۔ یہ پروگرام امریکہ کا مشہور کینڈی سکول آف گورنمنٹ چلاتا ہے۔ وہاں ایک تقریب سے ٹرمپ کے یہودی داماد جیرڈ کشنر نے خطاب کیا تھا۔ یہ خطاب 2024 میں ہوا اور یوٹیوب پر بآسانی میسر ہے۔ فروری 2024 میں ہوئے خطاب کے دوران جیرڈ کشنر واضح الفاظ میں یہ کہہ رہا ہے کہ غزہ جب فلسطینیوں سے خالی ہوجائے تو سمندر کے کنارے ایک جدید ترین بستی بنائی جائے۔ وہ دنیا کا ایک بہترین اور قیمتی Resort تفریح گاہ یا تعطیلات گزارنے کا مقام (بھی ثابت ہوسکتی ہے۔ قصہ مختصر نیتن یاہو کی امریکہ میں موجودگی کے دوران ٹرمپ نے غزہ پر حق دعوی اچانک نہیں کیا۔ اس کے لئے تیاری پہلے سے ہوچکی تھی۔ اب فقط اعلان ہوا ہے۔

پاکستان کی ترقی کا واحد حل کرپشن کا خاتمہ

پاکستان کی ترقی عوام پر بوجھ ڈال کر ممکن نہیں ہے عوام سے ٹیکسز کا بوجھ کم کر کے مہنگائی کنٹرول کر کے اور اخراجات اور لائف سٹائل کو تبدیل کر کے ممکن ہے ہمیں سادہ طرز زندگی اور پرتعیش انداز زندگی سے واپس آنا ہوگا بچتوں کی ترغیب کو عملی جامہ بنانا ہوگا کرپشن کے لیے سرکاری ادارے جو بوجھ ہیں ان کو بہتر کرنے اور ان کے نقصان کو عوام سے پورا کرنے کی روش کو ختم کرنا ہوگا اور ان کو ان لوگوں کے حوالے کرنا ہوگا جو اس کے نفع نقصان کے ذمہ دار اور انکی ترقی کو ملکہ ترقی تصور کریں کرپشن کا خاتمہ صرف اداروں کو بیچ کے نہیں کیا جا سکتا کرپشن کا خاتمہ خود احتسابی اور اپنی ٹیم میں بیٹھے ہوئے لوگوں کا کڑا احتساب اس ملک کی قسمت بدل سکتا ہے یوٹیلٹی اسٹورز کی بندش پر ایک خط وزیراعظم کے نام پیش خدمت ہے جو ملازمین نے لکھا ہے اس کا جواب اور احتساب بھی اب وزیراعظم کی ذمہ داری ہے جناب میاں شہباز شرئف وزیراعظم پاکستان یوٹیلٹی سٹورز کی بندش اتنی ضروری کیوں کہ وزیراعظم کو بیان جاری کرنا پڑ گیا اگر اس ادارے میں اتنی کرپشن ہے کہ اسے بند کرنا پڑ گیا ہے تو کیا اس ملک میں کوئی ایسا میکنزم نہیں جو اس کرپشن کا سراغ لگا کر ریکوری کرے اور پورا ادارہ بند کرنے کی بجائے ان چند افراد کو کیفر کردار تک پہنچائے؟ جناب وزیراعظم اب تو سابقہ 30 ماہ سے آپکی تعینات کردہ مینجمنٹ ہے اگر آپ انکی کرپشن کی بات کر رہے ہیں تو پھر اس کرپشن کو روکنا حکومت نے تھا؟ اور کیا آپکی ہی تعینات کردہ مینجمنٹ کسی ادارے میں کرپشن کرے تو اسکا احتساب کر کے آپ ہزاروں ورکرز کا روزگار بچا سکتے ہیں اور ملک میں اداروں کا معیار بلند کر سکتے ہیں کیا آپ نے فری آٹا سکیم کی کرپشن کا کوئی سدباب کیا؟ کیا اس میں شامل مجرموں کو سزا سے باقی ادارے میں موجود کالی بھڑیں سامنے آنے کے بعد ادارہ ترقی نہیں کرے گا یوٹیلٹی سٹورز کا ورکر اور ادارہ سرکار سے یا خزانے کیا لیتا ہے نہ سرکار تنخواہ دیتے ہیں نہ ہمیں سہڈی کی مد میں خدمات کے عوض کچھ دیتے ہیں۔ پھر ہم تو حکومت پر بوجھ نہیں ہیں۔ جور مضان بازار لگواتے ہیں یا جو مختلف ناموں اور عوامی سے پیکجز دیتے ہیں انکا کوئی ریکارڈ ہوتا ہے؟ نہیں کوئی نہیں! اور یہی سب سے بڑی وجہ ہے یوٹیلٹی سٹورز کو بلا وجہ بند کرنے اور سہڈی یا رمضان پیکیج نہ دینے کی۔ کیونکہ یہ واحد ادارہ ہے جو مکمل کمپیوٹرائزڈ نظام اور ریکارڈ رکھتا ہے۔ جو کہ تمام سہڈی حقدار تک شفاف طریقے سے پہنچاتا ہے نہ کہ صرف شامیانے لگا کر اور پوسٹر تصاویر لگا کر عوام کو بیوقوف بناتا ہے اور نہ ہی سہڈی کی رقم لوکل انتظامیہ سے گھما پھرا کر اشرافیہ کی تجوریوں میں پہنچاتا ہے۔ یہ ادارہ رکاوٹ ہے شوگر مافیا اور آٹا مافیا کی من مانیوں کے سامنے۔ اور یہ مافیاز کون ہیں سرکار سے بہتر کوئی نہیں جانتا ہوگا کیونکہ انٹیلی جنس ایجنسیاں انہی کے تحت ہیں۔ وزیراعظم آپکا بیان واضح ہے کہ آپکے پاس اس ادارے میں کرپشن کے شواہد موجود ہیں تو پھر آپ اس کرپشن کو بے نقاب کریں اور احتساب کریں۔ اسطرح ہزاروں لاکھوں گھروں کے چولہے ٹھنڈے نہ ہوں گے آپ ایک شفاف اور کمپیوٹرائزڈ نظام کو بند نہ کریں نادرہ کی خدمات حاصل کریں اور بغیر انگوٹھے کی شناخت کے سٹاک جاری نہ ہو سکے بائیومیٹرک کو لازمی قرار دیں یا پھر صرف کرپشن کرکرا کر اس بہانے ادارے کو بند کروا کر کسی اور کا مفاد پورا کرنا مقصود ہے؟ کیا کوئی ہماری خون پسینے سے کمائی گ اس ادارے کی پراپرٹیز پر نظر جمائے دانت تیز کئے بیٹھا ہے؟ بہرحال وجہ کچھ بھی ہو کرپشن اسکی بندش کی وجہ نہیں لگتی۔ کیونکہ کرپشن وجہ ہوتی تو پھر کرپشن ختم کی جاتی ادارہ ختم نہ کیا جاتا۔ مشترکہ سوال ملازمین یوٹیلٹی اسٹور پاکستان میں ان معلومات کے درست یا غلط ہونے اور معاملات کو درست کرنے کا معاملہ حکومت پر سمجھتا ہوں میں نے من عن اس کھلے خط کو وزیراعظم اور عوام کے سامنے پیش کر دیا ہے اس طرح کی صورتحال ہی تمام ان سرکاری اداروں میں ہے جو قوم کا ہزاروں ارب ہر سال کھاتے ہیں اور سزا غریب عوام ٹیکسز کے نام پہ بھگتے ہیں۔ معاملات کو اچھی ٹیم اور بہتر فیصلوں سے قوم کے لیے قابل عمل بنایا جا سکتا ہے۔ ان کو ان لوگوں کے حوالے کرنا ہوگا جو اس کے نفع نقصان کے ذمہ دار اور انکی ترقی کو ملکہ ترقی تصور کریں کرپشن کا خاتمہ خود احتسابی اور اپنی ٹیم میں بیٹھے ہوئے لوگوں کا کڑا احتساب اس ملک کی قسمت بدل سکتا ہے یوٹیلٹی اسٹوز کی بندش پر ایک خط وزیراعظم کے نام پیش خدمت ہے جو ملازمین نے لکھا ہے اس کا جواب اور احتساب بھی اب وزیراعظم کی ذمہ داری ہے جناب میاں شہباز شرئف وزیراعظم پاکستان یوٹیلٹی سٹورز کی بندش اتنی ضروری کیوں کہ وزیراعظم کو بیان جاری کرنا پڑ گیا اگر اس ادارے میں اتنی کرپشن ہے کہ اسے بند کرنا پڑ گیا ہے تو کیا اس ملک میں کوئی ایسا میکنزم نہیں جو اس کرپشن کا سراغ لگا کر ریکوری کرے اور پورا ادارہ بند کرنے کی بجائے ان چند افراد کو کیفر کردار تک پہنچائے؟ جناب وزیراعظم اب تو سابقہ 30 ماہ سے آپکی تعینات کردہ مینجمنٹ ہے اگر آپ انکی کرپشن کی بات کر رہے ہیں تو پھر اس کرپشن کو روکنا حکومت نے تھا؟ اور کیا آپکی ہی تعینات کردہ مینجمنٹ کسی ادارے میں کرپشن کرے تو اسکا احتساب کر کے آپ ہزاروں ورکرز کا روزگار بچا سکتے ہیں اور ملک میں اداروں کا معیار بلند کر سکتے ہیں کیا آپ نے فری آٹا سکیم کی کرپشن کا کوئی سدباب کیا؟ کیا اس میں شامل مجرموں کو سزا سے باقی ادارے میں موجود کالی بھڑیں سامنے آنے کے بعد ادارہ ترقی نہیں کرے گا یوٹیلٹی سٹورز کا ورکر اور ادارہ سرکار سے یا خزانے کیا لیتا ہے نہ سرکار تنخواہ دیتے ہیں نہ ہمیں سہڈی کی مد میں خدمات کے عوض کچھ دیتے ہیں۔ پھر ہم تو حکومت پر بوجھ نہیں ہیں۔ جور مضان بازار لگواتے ہیں یا جو مختلف ناموں اور عوامی سے پیکجز دیتے ہیں انکا کوئی ریکارڈ ہوتا ہے؟ نہیں کوئی نہیں! اور یہی سب سے بڑی وجہ ہے یوٹیلٹی سٹورز کو بلا وجہ بند کرنے اور سہڈی یا رمضان پیکیج نہ دینے کی۔ کیونکہ یہ واحد ادارہ ہے جو مکمل کمپیوٹرائزڈ نظام اور ریکارڈ رکھتا ہے۔ جو کہ تمام سہڈی حقدار تک شفاف طریقے سے پہنچاتا ہے نہ کہ صرف شامیانے لگا کر اور پوسٹر تصاویر لگا کر عوام کو بیوقوف بناتا ہے اور نہ ہی سہڈی کی رقم لوکل انتظامیہ سے گھما پھرا کر اشرافیہ کی تجوریوں میں پہنچاتا ہے۔ یہ ادارہ رکاوٹ ہے شوگر مافیا اور آٹا مافیا کی من مانیوں کے سامنے۔ اور یہ مافیاز کون ہیں سرکار سے بہتر کوئی نہیں جانتا ہوگا کیونکہ انٹیلی جنس ایجنسیاں انہی کے تحت ہیں۔ وزیراعظم آپکا بیان واضح ہے کہ آپکے پاس اس ادارے میں کرپشن کے شواہد موجود ہیں تو پھر آپ اس کرپشن کو بے نقاب کریں اور احتساب کریں۔ اسطرح ہزاروں لاکھوں گھروں کے چولہے ٹھنڈے نہ ہوں گے آپ ایک شفاف اور کمپیوٹرائزڈ نظام کو بند نہ کریں نادرہ کی خدمات حاصل کریں اور بغیر انگوٹھے کی شناخت کے سٹاک جاری نہ ہو سکے بائیومیٹرک کو لازمی قرار دیں یا پھر صرف کرپشن کرکرا کر اس بہانے ادارے کو بند کروا کر کسی اور کا مفاد پورا کرنا مقصود ہے؟ کیا کوئی ہماری خون پسینے سے کمائی گ اس ادارے کی پراپرٹیز پر نظر جمائے دانت تیز کئے بیٹھا ہے؟ بہرحال وجہ کچھ بھی ہو کرپشن اسکی بندش کی وجہ نہیں لگتی۔ کیونکہ کرپشن وجہ ہوتی تو پھر کرپشن ختم کی جاتی ادارہ ختم نہ کیا جاتا۔ مشترکہ سوال ملازمین یوٹیلٹی اسٹور پاکستان میں ان معلومات کے درست یا غلط ہونے اور معاملات کو درست کرنے کا معاملہ حکومت پر سمجھتا ہوں میں نے من عن اس کھلے خط کو وزیراعظم اور عوام کے سامنے پیش کر دیا ہے اس طرح کی صورتحال ہی تمام ان سرکاری اداروں میں ہے جو قوم کا ہزاروں ارب ہر سال کھاتے ہیں اور سزا غریب عوام ٹیکسز کے نام پہ بھگتے ہیں۔ معاملات کو اچھی ٹیم اور بہتر فیصلوں سے قوم کے لیے قابل عمل بنایا جا سکتا ہے۔ ان کو ان لوگوں کے حوالے کرنا ہوگا جو اس کے نفع نقصان کے ذمہ دار اور انکی ترقی کو ملکہ ترقی تصور کریں کرپشن کا خاتمہ خود احتسابی اور اپنی ٹیم میں بیٹھے ہوئے لوگوں کا کڑا احتساب اس ملک کی قسمت بدل سکتا ہے یوٹیلٹی اسٹوز کی بندش پر ایک خط وزیراعظم کے نام پیش خدمت ہے جو ملازمین نے لکھا ہے اس کا جواب اور احتساب بھی اب وزیراعظم کی ذمہ داری ہے جناب میاں شہباز شرئف وزیراعظم پاکستان یوٹیلٹی سٹورز کی بندش اتنی ضروری کیوں کہ وزیراعظم کو بیان جاری کرنا پڑ گیا اگر اس ادارے میں اتنی کرپشن ہے کہ اسے بند کرنا پڑ گیا ہے تو کیا اس ملک میں کوئی ایسا میکنزم نہیں جو اس کرپشن کا سراغ لگا کر ریکوری کرے اور پورا ادارہ بند کرنے کی بجائے ان چند افراد کو کیفر کردار تک پہنچائے؟ جناب وزیراعظم اب تو سابقہ 30 ماہ سے آپکی تعینات کردہ مینجمنٹ ہے اگر آپ انکی کرپشن کی بات کر رہے ہیں تو پھر اس کرپشن کو روکنا حکومت نے تھا؟ اور کیا آپکی ہی تعینات کردہ مینجمنٹ کسی ادارے میں کرپشن کرے تو اسکا احتساب کر کے آپ ہزاروں ورکرز کا روزگار بچا سکتے ہیں اور ملک میں اداروں کا معیار بلند کر سکتے ہیں کیا آپ نے فری آٹا سکیم کی کرپشن کا کوئی سدباب کیا؟ کیا اس میں شامل مجرموں کو سزا سے باقی ادارے میں موجود کالی بھڑیں سامنے آنے کے بعد ادارہ ترقی نہیں کرے گا یوٹیلٹی سٹورز کا ورکر اور ادارہ سرکار سے یا خزانے کیا لیتا ہے نہ سرکار تنخواہ دیتے ہیں نہ ہمیں سہڈی کی مد میں خدمات کے عوض کچھ دیتے ہیں۔ پھر ہم تو حکومت پر بوجھ نہیں ہیں۔ جور مضان بازار لگواتے ہیں یا جو مختلف ناموں اور عوامی سے پیکجز دیتے ہیں انکا کوئی ریکارڈ ہوتا ہے؟ نہیں کوئی نہیں! اور یہی سب سے بڑی وجہ ہے یوٹیلٹی سٹورز کو بلا وجہ بند کرنے اور سہڈی یا رمضان پیکیج نہ دینے کی۔ کیونکہ یہ واحد ادارہ ہے جو مکمل کمپیوٹرائزڈ نظام اور ریکارڈ رکھتا ہے۔ جو کہ تمام سہڈی حقدار تک شفاف طریقے سے پہنچاتا ہے نہ کہ صرف شامیانے لگا کر اور پوسٹر تصاویر لگا کر عوام کو بیوقوف بناتا ہے اور نہ ہی سہڈی کی رقم لوکل انتظامیہ سے گھما پھرا کر اشرافیہ کی تجوریوں میں پہنچاتا ہے۔ یہ ادارہ رکاوٹ ہے شوگر مافیا اور آٹا مافیا کی من مانیوں کے سامنے۔ اور یہ مافیاز کون ہیں سرکار سے بہتر کوئی نہیں جانتا ہوگا۔





اور پھر شادی ہوگئی

منیر نیازی کے بارے میں مشہور ہے کہ انہوں نے اپنی پہلی بیوی کے انتقال کے کچھ عرصہ بعد ہی دوسری شادی کر لی۔ شادی کے چند روز بعد ہی ایک یونیورسٹی کے مشاعرہ میں اپنی مشہور زمانہ نظم کا ابھی پہلا مصرع ہی پڑھا تھا کہ ہمیشہ دیر کر دیتا ہوں میں، ہر کام کرنے میں پیچھے سے کسی منچلے کی آواز آئی کہ

ویاہ کرن لکیاں تے منٹ نہیں لایا

مجھے یاد ہے میری شادی سے قبل عادات واطوار اور شوخیوں کو نوٹ فرماتے ہوئے خاندان کے ایک بزرگ بڑے نے نوٹ لکھ کر نصیحت فرمائی تھی کہ بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی ایک نا ایک دن تو چھری تلے آنا ہی ہوتا ہے شادی سے ایک سال بعد ہی مقولہ کی درستگی کرتے ہوئے خاندان کے بزرگ کو نوٹ مع ایک ہزار کے نوٹ، واپس کر دیا کہ حضرت اپنے مقولہ میں درستگی فرماتے ہوئے ''بکرے کی جگہ بکری'' فرمالیں کہ منکہ مسمی میں اب بکرے والی کوئی خوبی نہ ہے۔ وہ جنہیں یہ زعم ہوتا ہے کہ مرد تو مرد ہوتا ہے اسے مرد بن کر ہی زندگی گزارنی چاہئے، ایسے مرد حضرات سے میری درخواست ہے کہ شادی کروا کے دیکھ لیں۔ میرے محلے کے ایک پہلوان کو تن سازی اور کھائی ہوئی خوراک پر ناز ہے، پھر ''ناز'' نامی ایک خاتون سے شادی ہوگئی، مہینہ بھر اکھاڑہ کا رخ نہ کرنے پر پوچھا تو دھیمی سی آواز میں بولے ''شادی ہوگئی اے'' شادی کے بعد اکثر تا خیر تک اکھاڑے میں ہی پائے جاتے ہیں۔ کوئی پوچھے کہ گھر کیوں نہیں جاتے تو، جواب بعد میں دیتا ہے ڈمبل پہلے اٹھا لیتا ہے۔ شادی کا لڈو کھا کر پچھتانے والے بھی اب پچھتا رہے ہیں کہ لڈو کی جگہ گلاب جامن کھا لیتے تو آج منہ کا ''سواد'' میٹھا میٹھا ہوتا۔ تاریخ شاہد ہے کہ مغل حکمرانوں کے ہاں خاتون اوّل کا درجہ ماں کو حاصل رہا ہے ماسوا نور جہاں اور ممتاز محل کے۔ ایک ماں بننے کے چکر میں دیوار میں چنوا دی گئی اور دوسری ماں بنتے ہوئے خالق حقیقی سے جا ملی۔ اسی لئے تو تاریخ ستم ظریف ہوتی ہے۔ کہتے ہیں شادی وقت پر ہی کروالینی چاہئے وگرنہ وقت اور بیوی دونوں ہاتھ سے نکل جاتے ہیں۔ ضرب المثل مشہور ہے کہ اولاد مرد اور دولت عورت کے نصیب سے آتی ہے۔ یہ بات بھی اب قصہ پارینہ ہے، عورت اب وہیں آتی ہے جہاں دولت آتی ہے۔ غریب کو تو یہ کہہ کر پاس کر دیتی ہے کہ تم سے ''باس'' آتی ہے۔ باس سے یاد آیا کہ ایک باس کی چوتھی شادی ہو رہی تھی کہ مولوی نے پوچھا ''قبول ہے'' تو باس نے مسکراتے ہوئے جواب دیا ''مولوی پہلے کبھی میں نے انکار کیا ہے جو، اب کروں گا'' شادی کے بارے میں پٹھان کی زبان اور عورت میں قدرے فرق نہیں پایا گیا۔ اگر پٹھان بھائی کہتے ہیں نا کہ پٹھان کا زبان ایک ہوتا ہے تو خواتین کا بھی کچھ ایسا ہی خیال ہے۔ یونیورسٹی میں بیٹھی دو سہیلیاں مستقبل کے بارے میں گفتگو فرما رہی تھیں ایک دوسری کو کہتی ہے کہ جب تک میں پچیس کی نہ ہو جاؤ

قوت

SPORTS



لاہور: سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر جمناز یم ہال میں والی بال میچ کا منظر

قذافی اسٹیڈیم کی رنگا رنگ افتتاحی تقریب (آج) ہو گی

وزیراعظم شہباز شریف افتتاح کریں گے: اپ گریڈیشن کا کام مکمل ہونے کے بعد سٹیڈیم کی افتتاحی تقریب کے دوران معروف گلوکار پرفارم کریں گے

آتش بازی، لائٹس شو بھی ہوگا، عوام کا داخلہ مفت، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی اسٹیڈیم کی تعمیر میں شامل 1000 ورکرز کو ظہرانہ دینگے، چیمپئنز ٹرافی کیلئے قومی ٹیم کی کٹ کی رونمائی بھی ہوگی

لاہور (میاں شہروز سے) قذافی اسٹیڈیم لاہور کی افتتاحی تقریب آج (جمعہ) ہوگی، وزیراعظم شہباز شریف افتتاح کریں گے، اپ گریڈیشن کا کام مکمل ہونے کے بعد سٹیڈیم کی افتتاحی تقریب کے دوران معروف گلوکار پرفارم کریں گے، آتش بازی اور لائٹس شو کا بھی شاندار مظاہرہ ہوگا، تقریب میں داخلہ فری ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے اسٹیڈیم کی تعمیر نو میں دن رات کام کرنے پر پوری ٹیم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ کہا ور کرز کا شکریہ جنہوں نے ناممکن ٹاسک کو ممکن بنایا، تنقید کے باوجود پوری ٹیم نے انتھک محنت کی، اللہ تعالی نے ہمارا راستہ آسان کیا۔ چیمپئنز ٹرافی کا پاکستان میں 19 فروری سے آغاز ہوگا، ایونٹ 9 مارچ تک جاری رہے گا۔ چیمپئنز ٹرافی کے لئے پاکستانی اسٹیڈیمز کی تزین وآرائش کا کام آخری مراحل میں ہے، لاہور کے قذافی اسٹیڈیم کا افتتاح آج بروز جمعہ کو کو رنگا رنگ تقریب کے ذریعے کیا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف قذافی سٹیڈیم کا افتتاح کریں گے۔ افتتاحی تقریب میں معروف گلوکار علی ظفر، عارف لوہار اور آئمہ بیگ پرفارم کریں گے، اس موقع پر آتش بازی اور لائٹس شو کا بھی مظاہرہ کیا جائے گا، عوام کیلئے افتتاحی تقریب میں داخلہ فری ہوگا۔ نئے تعمیر شدہ قذافی اسٹیڈیم میں پہلا میچ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 8 فروری کو کھیلا جائے گا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے ذاتی طور پر تمام کاموں کا معائنہ کیا، صرف 117 روز کی ریکارڈ مدت میں جدید ترین اسٹیڈیم تیار کیا گیا، زیادہ روشن ایل ای ڈی لائٹس، 2 نئی پہلے سے بڑی اسکور سکرینز نصب کر دی گئیں۔ شائقین کرکٹ کے لئے ہر انکلوژرز سے میچ دیکھنے کا بہترین ویو ممکن بنایا گیا ہے، انکلوژرز کے آگے تمام جنگلے ختم کر دیئے گئے، آرام دہ امپورٹڈ نشستیں نصب کی گئیں



کھیلتا پنجاب لاہور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر جمناز یم ہال میں والی بال میچ کا منظر

کرسٹیانو رونالڈو 40 سال کے ہو گئے

کیریئر کے دوران 900 گول کرنے والے پہلے فٹبالر کا صارفین کا سالگرہ کی مبارک باد دینے پر شکریہ

لزبن (این این آئی) بین الاقوامی شہرت یافتہ پرتگال کے نامور فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو 40 سال کے ہو گئے۔ فٹبال کی دنیا کے بے تاج بادشاہ کرسٹیانو رونالڈو نے زندگی کی 40 بہاریں دیکھ لیں۔ سالگرہ کے موقع پر فٹبالر نے سوشل میڈیا اکاؤنٹ انسٹاگرام پر نئی تصویریں شیئر کی ہیں۔ دنیا بھر میں سوشل میڈیا پر سب سے زیادہ فالو کیے جانے والے کرسٹیانو رونالڈو نے اپنے کروڑوں مداحوں کے ساتھ اپنی گرل فرینڈ اور فیملی کی تصویر شیئر کی ہے۔ کیریئر کے دوران 900 گول کرنے والے پہلے فٹبالر نے اپنی پوسٹ میں صارفین کا سالگرہ کی مبارک باد دینے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے بتایا ہے کہ میں نے 40 ویں سالگرہ خاندان اور دوستوں کے ساتھ گزاری ہے۔ کرسٹیانو رونالڈو نے اپنی 40 ویں سالگرہ کے دن کو خوش گوار قرار دیا ہے۔ یاد رہے کہ کرسٹیانو رونالڈو نے 2016ء میں یورو کپ جیتا تھا جبکہ وہ پرتگال کو بھی کئی اہم فتوحات دلوا چکے ہیں۔ کچھ روز قبل دیے گئے ایک انٹرویو میں پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کا خود سے متعلق کہنا تھا کہ مجھے لگتا ہے کہ میں اب تک کا سب سے مکمل فٹبالر ہوں۔ اسپنیش میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں کرسٹیانو رونالڈو نے کہا تھا کہ لوگ لیونل میسی، میراڈونا یا پیلے کو پسند کر سکتے ہیں، میں ان لوگوں کا احترام کرتا ہوں لیکن میں سب سے مکمل ہوں۔ میں فٹبال کی تاریخ کا بہترین کھلاڑی ہوں۔

چیمپئنز ٹرافی کے آن لائن ٹکٹس (آج) سے دستیاب ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے نے چیمپئنز ٹرافی کے آن لائن ٹکٹس خریدنے والوں کے لیے ہدایات جاری کر دی گئیں، آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے آن لائن ٹکٹ نجی کور یئر کمپنی سے (آج) جمعہ 7 فروری شام 4 بجے سے دستیاب ہوں گے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ آن لائن بک کیے گئے ٹکٹس 7 فروری سے نجی کور یئر کمپنی کے مقرر کردہ مراکز سے دستیاب ہوں گے، ملک کے 13 شہروں میں نجی کور یئر کمپنی کے 37 مراکز قائم کیے گئے ہیں، جہاں ٹکٹس دستیاب ہیں۔ پی سی بی کے مطابق جن لوگوں نے آن لائن ٹکٹس بک کرائے ہیں، انہیں ہارڈ کاپی حاصل کرنا لازم ہے، فزیکل ٹکٹس حاصل کرنے کے لیے ٹکٹ خریدنے والے کا اصل شناختی کارڈ دکھانا لازمی ہوگا۔ واضح رہے کہ 24 دسمبر 2024 کو انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پاکستان کی میزبانی میں ہائبرڈ ماڈل کے تحت ہونے والی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے شیڈول کا اعلان کر دیا تھا۔ چیمپئنز ٹرافی 2025 کے میچز کا انعقاد پاکستان اور متحدہ عرب امارات میں ہوگا، ایونٹ کا آغاز 19 فروری سے کراچی میں ہوگا جبکہ اختتام 9 مارچ کو ہوگا۔ افتتاحی میچ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 19 فروری کو کراچی میں ہوگا۔

دبئی کیپیٹلز نے ڈیزرٹ وائپرز کو شکست دیکر آئی ایل ٹی 20 کے فائنل میں جگہ بنالی

دبئی (این این آئی) دبئی کیپٹلز نے آخری گیند پر سنسنی خیز مقابلے کے بعد ڈیزرٹ وائپرز کو شکست دیکر آئی ایل ٹی 20 سیزن 3 کے فائنل میں جگہ بنالی۔ دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں گلبدین نائب کی آل راؤنڈ کارکردگی کی بدولت کیپٹلز نے 5 وکٹوں سے کامیابی حاصل کی۔ قبل ازیں ایلکس ہیلز نے صرف 32 گیندوں پر 67 رنز کی شاندار اننگز کھیل کر میکس ہولڈن کے ساتھ 98 رنز کی شراکت قائم کرتے ہوئے وائپرز کو شاندار آغاز فراہم کیا۔ تاہم کیپٹلز نے شاندار جوابی اننگز کھیلتے ہوئے وائپرز کو 7 وکٹوں کے نقصان پر 189 رنز پر محدود کر دیا اور پھر ہدف حاصل کرلیا۔ ابتدائی 6 اوورز کے بعد رنز بنا بند ہوگئے اور صورتحال اس وقت مزید خراب ہوگئی جب لوکی فرگوسن نے 10 ویں اوور میں ایڈم روسنگٹن کو آوٹ کیا انہوں نے 31 گیندوں پر 44 رنز بنائے اس وقت اسکور 2 وکٹوں کے نقصان پر 67 رنز تھا۔ گلبدین نائب اور کپتان سیم ہلنگز کو ہدف کو تیزی سے حاصل کرنے کی ذمہ داری ملی ہلنگز نے 12 ویں اوور میں محمد عامر کی پٹائی کرتے ہوئے 2 چوکے اور ایک چھکا لگایا، پھر اگلے اوور میں ہسارنگا کو تین چوکے اور ایک چھکا مارا وہ 16 گیندوں پر 38 رنز بنا کر آوٹ ہوئے۔

چیمپئنز ٹرافی، آسٹریلیا کو ایک ہی دن 3 بڑے دھچکے لگ گئے

کپتان کے بعد جوش ہیزل ووڈ بھی اسکواڈ سے باہر، مارکس اسٹوئنس نے ون ڈے کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہو گئے۔ آسٹریلیا کے فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ بھی اسکواڈ سے باہر ہو گئے جبکہ مارکس اسٹوئنس نے آج ہی ون ڈے کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔ آل راؤنڈر مچل مارش پہلے ہی فٹنس کے مسائل کے باعث اسکواڈ سے باہر ہو چکے ہیں۔ آسٹریلیا کو چیمپئنز ٹرافی کے ابتدائی اسکواڈ میں 4 تبدیلیاں کرنا پڑ گئیں، آسٹریلیا سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ کے اختتام پر اسکواڈ کو حتمی شکل دے گا۔ پیٹ کمنز ٹخنے کی انجری سے صحت یاب نہیں ہو سکے جبکہ جوش ہیزل کو بھی انجری کا سامنا ہے۔ آسٹریلیا کے دونوں فاسٹ بولرز کو ری ہیب کے لیے ابھی وقت درکار ہے۔ اس حوالے سے آسٹریلیا کے چیف سلیکٹر جارج بیلی نے بتایا کہ بدقسمتی سے پیٹ کمنز، جوش ہیزل ووڈ اور مچل مارش کو انجریز کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی سے قبل یہ کھلاڑی مکمل فٹ نہیں ہو سکے۔ آسٹریلیا کے دونوں فاسٹ بولرز کو ری ہیب کے لیے ابھی وقت درکار ہے۔ بدقسمتی سے پیٹ کمنز، جوش ہیزل ووڈ اور مچل مارش کو انجریز کا سامنا ہے۔

صدر مملکت (آج) نویں ایشین ونٹر گیمز کی افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے

پاکستانی ایتھلیٹس نویں ایشین ونٹر گیمز میں شرکت کے لیے چین کے شہر ہاربن پہنچ گئے

بیجنگ (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری (آج) جمعہ کو چین کے شہر ہاربن میں نویں ایشین ونٹر گیمز کی افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے، پاکستان کا قومی دستہ نویں ایشین سرمائی کھیلوں میں شرکت کے لیے جمعرات کو چین کے شہر ہاربن پہنچ گیا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق نویں ایشین ونٹر گیمز (آج) 7 فروری بروز جمعہ سے چین کے شہر ہاربن میں شروع ہوگی، جو 14 فروری تک جاری رہیں گی، صدر مملکت آصف علی زرداری بھی (آج) جمعہ کو نویں ایشین ونٹر گیمز کی افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے۔ اس میں ایشیا بھر سے سرمائی کھیلوں کے ٹاپ ایتھلیٹس جمع ہوں گے۔ پاکستان کے چھ رکنی دستے کی قیادت ایئر کموڈور اصغر جمیل کریں گے جس میں دو کھلاڑی، ایک کوچ اور آفیشلز شامل ہوں گے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق جوش وخروش اور عزم سے بھرپور کھلاڑی موسم سرما کے مختلف کھیلوں میں حصہ لیں گے جو موسم سرما کے بین الاقوامی مقابلوں میں ملک کی نمائندگی کے لئے ایک اور سنگ میل ثابت ہوگا۔ الپائن اسکیئر محمد کریم نے چائنا اکنامک نیٹ (سی ای این) کو بتایا کہ وہ تین سرمائی اولمپکس میں پاکستان کی نمائندگی کر چکے ہیں اور اس بار وہ ہاربن میں ہونے والے نویں ایشین ونٹر گیمز میں حصہ لیں گے۔ انہوں نے کہا ہم اپنے برادر ملک میں شرکت کر کے بہت خوش ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ مقابلے بہت اچھے ہوں گے۔



لاہور: گیریژن پولو گراؤنڈز کے زیراہتمام چوتھی جونیئر پولو چیمپئن شپ کے تیسرے دن ذکی فارمز اوین پولو اوری ٹی آئی شپنگ کی ٹیموں کے درمیان میچ کا منظر



کراچی: آل کراچی محترمہ بینظیر بھٹو شہید فٹبال ٹورنامنٹ میں مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ سینٹرل کے خزانچی اور مہران سوکر فٹبال کلب کے صدر حنیف ہاشمی اور ٹورنامنٹ سیکریٹری اسلام الدین کا ٹیم کے ہمراہ گروپ فوٹو

انٹرنیشنل

اسرائیل نے مشرقی سیکٹر سے ابھی مکمل انخلا نہیں کیا، اقوام متحدہ

لبنانی فوج کے ساتھ مل کر جنوبی علاقوں میں کام کرنا ضروری ہے، بیان

بیروت (این این آئی) اقوام متحدہ کی امن فورس (یو این آئی ایف آئی ایل) نے کہا ہے کہ لبنانی فوج کے ساتھ مل کر جنوبی علاقوں میں کام کرنا ضروری ہے، اسرائیل نے ابھی تک مشرقی سیکٹر کے تمام علاقوں سے انخلا نہیں کیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق یو این امن فورس کے ترجمان اینڈریا ٹینیٹی کا یہ بیان اس وقت سامنے آیا ہے جب اسرائیلی فوج جنوبی لبنان میں بطیہ گورنری کے قصبوں راب ثلاثین اور یارون میں گھروں کو جلا اور دھماکوں سے اڑا رہی ہے، اس طرح گزشتہ روز بھی جنگ بندی معاہدے کی 2 خلاف ورزیاں ریکارڈ کی گئیں۔ اعداد وشمار کے مطابق 72 روز قبل معاہدے کے نافذ العمل ہونے کے بعد سے اسرائیل کی جانب سے 854 خلاف ورزیاں کی گئی ہیں۔ اسرائیلی فورسز نے مرجیون ضلع میں واقع قصبے راب ثلاثین میں متعدد مکانات کو آگ لگا دی، بنت جبیل ضلع کے قصبے یارون میں اسرائیلی فوج نے منظم بمباری کی جس میں متعدد گھروں کو نشانہ بنایا گیا۔ قابل ذکر ہے کہ اس معاہدے میں 60 دن کی ایک مخصوص ڈیڈ لائن شامل تھی جس دوران اسرائیل جنگ کے دوران جنوبی لبنان کے ان قصبوں سے دستبردار ہو جائے گا جن پر اس نے قبضہ کیا تھا لیکن اس نے مکمل انخلا پر عمل درآمد سے انکار کر کے معاہدے کی خلاف ورزی کی۔ اسرائیلی فوج کو دی گئی ڈیڈ لائن 26 جنوری کو ختم ہو گئی تھی مگر بعد میں امریکا کی کوششوں سے ڈیڈ لائن میں 18 فروری تک توسیع کی گئی۔ لبنان کے سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اب تک اسرائیلی فوج کی جانب سے معاہدے کی خلاف ورزیوں کے نتیجے میں 67 افراد شہید اور 263 زخمی ہو چکے ہیں۔ واضح رہے کہ لبنان میں فوجی کارروائیوں کے نتیجے میں 4,098 افراد شہید اور 16,888 زخمی ہوئے جن میں بچوں اور خواتین کی بڑی تعداد شامل تھی، اس کے علاوہ تقریبا 1,400,000 افراد بے گھر ہوئے۔

جدہ: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان 'صنعی پاکستان 'نمائش میں سعودی معاون وزیر ابراہیم المبارک کو یادگاری پیش کر رہے ہیں

کویت میں غیرملکیوں کے لیے بھی شادی سے قبل طبی معائنہ لازمی قرار

شادی کے لیے لازمی طبی معائنے کے ضوابط غیر ملکیوں پر بھی یکساں لاگو ہوں گے، وزارت صحت

کویت سٹی (این این آئی) کویت میں غیرملکیوں کے لیے بھی شادی سے قبل طبی معائنہ لازمی قرار دے دیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق کویتی وزارت صحت نے شادی سے قبل طبی معائنے کے ضوابط میں ترمیم کرتے ہوئے غیرملکی جوڑوں کے لیے بھی ٹیسٹ لازمی قرار دے دیا۔ کویتی وزارت صحت کا کہنا تھا کہ شادی سے قبل جوڑوں کا طبی معائنہ کرانے کا مقصد معاشرتی صحت کو برقرار رکھتے ہوئے موروثی امراض کا خاتمہ کرنا ہے۔ وزارت کا مزید کہنا تھا کہ شادی کے لیے لازمی طبی معائنے کے ضوابط کویتی شہریوں پر ہی نہیں بلکہ غیر ملکیوں پر بھی یکساں لاگو ہوں گے خواہ ایک فریق کویتی ہو یا غیر ملکی یا دونوں غیر ملکی ہوں۔ واضح رہے کہ سعودی عرب سمیت متعدد عرب ممالک میں اپنے شہریوں کے لیے شادی سے قبل طبی معائنے کا قانون کافی عرصے سے نافذ ہے جس کا مقصد موروثی بیماریوں کی روک تھام ہے۔

ٹرمپ کا غزہ میں فوج بھیجنے کا ارادہ نہیں، ترجمان وائٹ ہاؤس

غزہ کی تعمیرِ نو کے لیے پرعزم، فلسطینیوں کی عارضی منتقلی چاہتے ہیں، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ کے غزہ پر امریکی قبضے کے بیان پر دنیا بھر سے آنے والے شدید ردعمل کے بعد ترجمان وائٹ ہاس نے ان کے بیان کی وضاحت کی ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ترجمان وائٹ ہاؤس کیرولائن لیوٹ کے مطابق صدر ٹرمپ کا غزہ میں امریکی فوج بھیجنے کا ارادہ نہیں ہے۔ صدر ٹرمپ خطے میں استحکام کے لیے غزہ کی تعمیرِ نو میں امریکا کی شمولیت ضروری سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ غزہ کی تعمیرِ نو کے لیے پرعزم ہیں اور غزہ سے فلسطینیوں کی عارضی منتقلی چاہتے ہیں۔ غزہ کی تعمیرِ نو کے لیے پرعزم، فلسطینیوں کی عارضی منتقلی چاہتے ہیں، بیان غزہ کی تعمیرِ نو کے لیے پرعزم، فلسطینیوں کی عارضی منتقلی چاہتے ہیں، بیان صدر ٹرمپ کا غزہ میں امریکی فوج بھیجنے کا ارادہ نہیں ہے

جنوبی کوریا میں ایئر پورٹس پر برڈ ڈیٹیکشن ڈیوائسز نصب کرنے کا حکم

پرندوں کا جلد پتہ لگانے کے لیے تمام ایئرپورٹس پر برڈ ڈیٹیکشن ریڈار نصب کیے جائیں گے، حکام

سیول (این این آئی) جنوبی کوریا میں تمام ایئرپورٹس پر پرندوں کا پتہ لگانے والے کیمرے اور ریڈار نصب کرنے کا حکم دے دیا گیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق جنوبی کورین حکام نے اپنے حکم میں کہا کہ تمام ایئرپورٹس کم از کم ایک تھرمل امیجنگ کیمرے سے لیس کیا جائے۔ حکام کے مطابق ایئرپورٹس پر موبائل سونک ڈیوائس کو بھی بنیادی طور پر درمیانے اور بڑے سائز کے پرندوں سے نمٹنے کے لیے نصب کیا جائے گا۔ پرندوں کا جلد پتہ لگانے کے لیے تمام ایئرپورٹس پر برڈ ڈیٹیکشن ریڈار نصب کیے جائیں گے۔ وزیر سول ایوی ایشن کا کہنا تھا کہ ہوائی جہاز کے حادثات کی روک تھام اور ہوابازی کی حفاظت کے لیے جامع اصلاحاتی اقدامات اولین ترجیح ہیں۔

جرمنی میں سو کلو گرام قیمتی جنگلی لہسن چوری کرنے والے ملزمان گرفتار

گرفتار کئے گئے 6 مشتبہ چوروں کی عمریں 26 اور 39 سال کے درمیان ہیں، پولیس

برلن (این این آئی) جرمن پولیس ڈیوٹیہ سیکسنی میں قیمتی جنگلی لہسن چرانے والے 6 مشتبہ چوروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 100 کلوگرام جنگلی لہسن برآمد کر لیا۔ جرمن نشریاتی ادارے کے مطابق صوبائی پولیس نے جرمنی کے مشرقی شہر لیپزگ سے بار پھر عام لہسن کے مقابلے میں مہنگے جنگلی لہسن کی چوری کے واقعات میں 6 مشتبہ چوروں کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار کئے گئے 6 مشتبہ چوروں کی عمریں 26 اور 39 سال کے درمیان ہیں۔ عام لہسن کے مقابلے میں جنگلی لہسن قدرے زیادہ قیمتی ہوتا ہے اور یہ قدرتی ماحول بشمول محفوظ قدرتی خطے قرار دیئے گئے قومی پارکوں میں اگتا ہے۔ جرمنی میں قدرتی ماحول کے تحفظ کے قوانین کے تحت کسی بھی محفوظ قرار دیے گئے خطے یا عام قدرتی علاقے سے کوئی پھل، پودا یا سبزی توڑ کر ساتھ لے جانا ممنوع ہے۔ خاص اقسام کے جنگلی پودوں کی حفاظت کے لئے یہ قوانین بہت سخت ہیں۔

امریکی ریاستوں میں یو ایس ایڈ کی بندش کیخلاف مظاہرے

سیکڑوں مظاہرین نے ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں کے خلاف بھی مظاہرے کئے

نیویارک (این این آئی) امریکا کے مختلف شہروں میں امدادی ادارے یو ایس ایڈ کی بندش اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ احکامات بشمول امیگریشن، ٹرانسجینڈر کے حقوق اور فلسطینیوں کی جبری نقل مکانی کے خلاف مظاہرے ہوئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلاڈیلفیا، کیلیفورنیا، مشیگن، ٹیکساس، وسکانسن، انڈیانا سمیت دیگر ریاستوں میں بھی مظاہرین نے صدر ٹرمپ کی پالیسیوں کے خلاف ریلی نکالی۔ مظاہرین نے پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جس پر امیر ترین شخص ایلون مسک اور ٹرمپ کے حامیوں کی جانب سے تیار کردہ سیاسی تجاویز پر مشتمل پراجیکٹ 2025 کی مخالفت میں الفاظ درج تھے۔ ریاست مشیگن کے دارالحکومت لینسنگ میں سیکڑوں افراد انتہائی سردی میں اپنا احتجاج ریکارڈ کروانے سڑکوں پر نکلے۔ اکثر مظاہرین نے ڈیپارٹمنٹ آف گورنمنٹ افیشنسی اور اس کے سربراہ ایلون مسک کے خلاف پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ مظاہرین نے ایلون مسک کو شہریوں کے ذاتی ڈیٹا اور سوشل سکیورٹی سے متعلق معلومات تک رسائی فراہم کرنے پر تنقید کی۔ ڈیپارٹمنٹ آف گورنمنٹ افیشنسی کی حکومت کے ادائیگیوں کے نظام میں مداخلت نہیں ہونی چاہیے اور اس سے سکیورٹی خطرات پیدا ہو سکتے ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے منصب سنبھالتے ساتھ ہی تجارت، امیگریشن، ماحولیاتی تبدیلیوں اور دیگر معاملات پر صدارتی حکمنامے جاری کیے۔



فائر فائٹرز بوسان کے کیمبی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر 28 جنوری، 2025 کو ہانگ کانگ جانے والے ایئر بوسان کے مسافر طیارے میں لگنے والی آگ بجھانے میں مصروف ہیں) اے ایف پی(



ہنوئی میں ویتنام 2024 انٹرنیشنل ڈیفنس ایکسپو کے دوران امریکی فوج کا ایک فوجی سٹرائیکر گاڑی کے سامنے کھڑا ہے) جیانگ ایچ یووائی /اے ایف پی(

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا صبح سویرے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ

تجاوزات گرانے کے بعد ملبہ اٹھانے اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا، میونسپل حکام کو بازاروں کی مکمل صفائی کی ہدایت



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا صبح سویرے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ، تجاوزات گرانے کے بعد ملبہ اٹھانے اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے میونسپل کارپوریشن حکام کو ہدایت کی کہ تمام بازاروں میں صفائی یقینی بنائی جائے اور گرائی گئی تجاوزات کا ملبہ بھی اٹھایا جائے۔ بعدازاں کمشنر شعیب اقبال سید نے صبح سویرے ہائی سٹریٹ، چرچ روڈ اور کھوکھلا بازار کا دورہ کیا۔ انہوں نے تمام بازاروں میں تجاوزات گرانے کے بعد ملبہ اٹھانے اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے میونسپل کارپوریشن حکام کو ہدایت کی کہ تمام بازاروں میں صفائی یقینی بنائی جائے اور گرائی گئی تجاوزات کا ملبہ بھی اٹھایا جائے۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر شعیب اقبال سید نے صبح سویرے ہائی سٹریٹ، اپنے دفتر میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے منظور کالونی سے بھی تجاوزات ختم کرنے کی ہدایت کردی تاکہ پمپ پروگرام کے تحت سیوریج لائن ڈالنے کے کام میں حائل رکاوٹیں دور ہوسکیں۔ انہوں نے شہر میں موجود ریڑھیوں کی رجسٹریشن کرنے اور انہیں نمبر الاٹ کرنے کی ہدایت کردی تاکہ ان کا ریکارڈ رکھا جاسکے۔ کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے کارپوریشن کی بلڈنگ برانچ کی کارکردگی پر ناراضگی کا اظہار کیا جہاں کنورژن فیس اور بلڈنگ فیس کی وصولی مسلسل کم ہورہی ہے۔ انہوں نے میونسپل آفیسر پلاننگ سے ناقص کارکردگی کی تحریری وضاحت بھی طلب کرلی۔ کمشنر نے ہائی سٹریٹ پرٹف ٹائل لگانے کے کام کو بھی جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

کھرڑیانوالہ: معروف بزنس مین رانا حسن رضا خاں کے بھائی کا ولیمہ

عزیز وقارب بزنس کمیونٹی، سیاسی سماجی شخصیات، صحافی برادری، وکلاء کی بھرپور شرکت مبارکباد ونیک تمنائیں



کھرڑیانوالہ (نمائندہ قوت) تفصیلات کے مطابق کھرڑیانوالہ کے نواح 193 رب شریں والا کے معروف بزنس مین (HR اسٹیٹ ایڈوائزر) رانا حسن رضا خاں کے چھوٹے بھائی کی دعوت ولیمہ مقامی جی ماڑی میں منعقد ہوا۔ جس میں ان کے عزیز رشتہ داروں سمیت صحافی برادری، وکلاء، سیاسی وسماجی شخصیات، ریٹیل اسٹیٹ کے نامور بزنس مین شریک تھے۔ سابق ایم این کرنل غلام رسول ساہی، جس پڑھیار، رانا حسن رضا، میاں ندیم کامران ،رانا شیر علی، رانا ابرار احمد، رانا شاہد رضا، رانا احمد رضا، رانا حسن رضا، رانا پرویز نمبردار، رانا غلام شبیر، رانا الیاس، رانا عباس، رانا نامابد رضا، رانا عامر رضا، رانا انیس عباس، رانا عدیل ابرار ایڈووکیٹ، رانا زین الحسن، رانا طیب عباس، رانا بابا قمر علی، رانا صابر علی، رانا بلال احمد، رانا تنویر احمد، رانا ابرا جیم سجاد، رانا شاہد احمد، رانا اظہر حسین، رانا عاشر بابر ایڈووکیٹ، رانا کامران (ایڈیٹ افیسر)، رانا اویس رج، شبیر قادری (جنرل سیکرٹری پریس کلب کھرڑیانوالہ)، رانا ساجد، رانا عمر (آفیسر پڈوانگ پولیس) شریک تھے تمام مہمانان گرامی نے رانا عرفان کو شادی کی مبارکباد دی۔ اور نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔

مہذب قومیں نظم ونسق وقانون پر عملداری کرتی ہیں۔ مظفر قیوم چوہدری

قانون پر عملدرآمد ایک نہیں ہر ایک کیلئے لازم ہونا چاہئے۔ سابقہ بیوروکریٹ



سیالکوٹ (بیورو چیف) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر صوبہ بھر میں جاری اینٹی انکروچمنٹ آپریشن خوش آئند ہے مگر ایسے آپریشنز بلاتفریق ہونا لازمی ہیں۔ آپریشن کا دائرہ کار دیہی و شہری علاقوں میں سرعت کیساتھ جاری ہے مگر ضرورت اس امر کی ہے کہ اینٹی انکروچمنٹ آپریشن دناجائز تعمیرات وتجاوزات کے انسداد کا یہ عملی نمونہ دیہات وقصبہ جات سے آگے بڑھتے ایلیٹ کلاس و پنجاب کے تمام شہری و پوش علاقوں میں بھی عملاً دکھائی دینا چاہیے۔ ان باتوں کا اظہار سوشل ایکٹوسٹ و سابقہ بیوروکریٹ مظفر قیوم چوہدری نے سنیئر سٹیزن گروپ کے ہمراہ سوشل سیکٹر کی بہتری کیلئے ایک اہم میٹنگ کے بعد میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کی۔ انہوں نے کہا کہ قانون کا احترام ونفاذ ہر ایک پر لازم ہونا چاہئے تاکہ عوام الناس معترض نہ ہو۔

ڈپٹی کمشنر ساہیوال کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اجلاس، ڈپٹی کمشنر نے عوام کو سہولیات کی فراہمی کے سلسلہ میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے گڈ گورننس اقدامات پر عمل درآمد بارے بریفنگ لی، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے تحت اپنچاپ پروگرام، تجاوزات کے خلاف آپریشن، پراس کنٹرول میکانزم سمیت دیگر اقدامات پر عمل درآمد کے لیے چیکنگ کا عمل تواتر سے جاری رکھا جائے، عوامی مسائل کے حل اور انہیں سہولیات بہم پہنچانے کے لیے تمام افسران خدمت کے جذبے کے تحت کام کریں اور عوامی شکایات کے ازالہ کے لیے خصوصی اقدامات کریں اور ان کی بھرپور طریقے سے سنوائی کریں تاکہ ان کو درپیش مسائل حل کیے جاسکیں۔

محکمہ ہیلتھ کے افسران کی پولیو ٹیموں کی ورکنگ کے عمل کی چیکنگ

مختلف یونین کونسلز میں انسداد پولیو مہم کے آخری روز کی ورکنگ کے عمل کا جائزہ لیا گیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) محکمہ ہیلتھ کے افسران کی پولیو ٹیموں کی ورکنگ کے عمل کی چیکنگ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر سیف اللہ نے ضلع بھر کے مختلف یونین کونسلز میں انسداد پولیو مہم کے آخری روز کی ورکنگ کے عمل کا جائزہ لیا، انہوں نے یونین کونسلز و ٹاؤن کے ریکارڈ کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ پولیو ورکرز پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین پلاتے ہوئے کوریج کے 100 فیصد ٹارگٹ کو ہر صورت ممکن بنانے کے ساتھ ساتھ احسن انداز میں ریکارڈ بھی مرتب کریں، سی ای او ہیلتھ نے گھر گھر جا کر پولیو ویکسینیشن کا جائزہ لیا اور بچوں کی فنگر مارکنگ اور گھروں کی ڈور مارکنگ بھی چیک کی، انہوں نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ بہت بڑی ذمہ داری ہے جس کے تحت محنت سے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا کر اپنی ذمہ داری پوری کریں۔

امریکہ سے تعلیم یافتہ ڈاکٹر کی موجودگی ہمارے لئے باعث فخر ہے

شوگر، ہائی بلڈ پریشر، دل کے امراض، معدہ، جگر، دمہ، السر، کمر درد، جسمانی کمزوری، مائیگرین، فالج اور دیگر بیماریوں کے علاج میں مہارت رکھتے ہیں



نکانہ صاحب (رانا اسامہ) امریکہ سے تعلیم یافتہ جناح ہسپتال کے مشہور کنسلٹنٹ فزیشن میڈیکل اسپیشلسٹ ڈاکٹر محمد عامر سہیل زہرہ ہسپتال نکانہ صاحب میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں تفصیلات کے مطابق نکانہ صاحب اور گردونواح کے لوگوں کے لئے بہت بڑی خوشخبری یہ ہے کہ امریکہ سے تعلیم یافتہ جناح ہسپتال کے مشہور کنسلٹنٹ فزیشن میڈیکل اسپیشلسٹ ڈاکٹر محمد عامر سہیل نکانہ صاحب میں زہرہ ہسپتال میں مریضوں کے لیے اپنی خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر عامر سہیل جو امریکہ سے تعلیم یافتہ ہیں اور جناح ہسپتال لاہور میں اپنے طبی خدمات کے لیے جانے جاتے ہیں، ہر ہفتے جمعرات اور ہفتہ کو دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے تک مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ڈاکٹر صاحب شوگر، ہائی بلڈ پریشر، دل کے امراض، معدہ، جگر، دمہ، السر، کمر درد، جسمانی کمزوری، مائیگرین، فالج اور دیگر بیماریوں کے علاج میں مہارت رکھتے ہیں۔ مریض زہرہ ہسپتال، شور، کوٹھی روڈ، میں ڈاکٹر محمد عامر سہیل سے مشورہ اور علاج کے لیے رجوع کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے درج ذیل نمبروں پر رابطہ

چوہدری سخاوت علی ڈگرا کی سرپرستی میں امن کمیٹی کا اجلاس

نوجوان سوشل میڈیا کا مثبت استعمال کریں، فرقہ واریت کا خاتمہ یقینی بنائیں گے: شرکاء

نارنگ منڈی (میاں معظم ہے) چوہدری سخاوت علی ڈگرا کی سرپرستی میں امن کمیٹی کا اجلاس قاری الیاس شاہد کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں چیف آرگنائزر رحابی ملک محمد یوسف فاروق اعوان سہیل محمود وٹ عامر جمیل بٹ یاسین بھٹی شیخ اعجاز احمد حافظ سیف اللہ ابتسام عاشق گجر شہباز احمد کڑھائی والے قاری محمد خالد چشتی ملک نصیر احمد ذوالقرنین زرگر قاسم سلیم پریس سیکرٹری میاں محمد معظم نواز اور زبیر بھٹی نے شرکت کی انجمن تاجران کی جانب سے حاجی ارشد باجوہ مسک اہل تشیع کی جانب سے چوہدری صداقت علی ڈگرا اور سید تسیم حیدر شاہ کو امن کمیٹی میں واپسی پر خوش آمدید کہا گیا سرپرست اعلیٰ چوہدری سخاوت علی ڈگرا کے چچازاد بھائی لیاقت علی ڈگرا ممبر تسیم حیدر شاہ کے بھائی اور سابق ممبر تنویر شاہ کے بیٹے کی وفات پر فاتحہ خوانی کی گئی شرکاء نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا کا منفی استعمال معاشرے کو تباہ کر دیتا ہے فرقہ واریت کی آگ سب کچھ اپنی لپیٹ میں لے کر تباہ کر دیتی ہے نوجوانوں سے اپیل کرتے ہیں کہ سوشل میڈیا پر فرقہ وارانہ پوسٹوں سے پرہیز کریں ورنہ کسی کا ساتھ نہیں دیا جائے گا سخت قانونی کارروائی ہوگی۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایت پر سیکرٹری آر ٹی اے اقصیٰ ریاض نے حافظ آباد کے انٹری پوائنٹس پر ایکسل لوڈ منیجمنٹ کے تحت چیکنگ شروع کردی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایت پر سیکرٹری آر ٹی اے اقصیٰ ریاض نے حافظ آباد کے انٹری پوائنٹس پر ایکسل لوڈ منیجمنٹ کے تحت چیکنگ شروع کر دی۔ سیکرٹری آر ٹی اے نے کہا کہ ٹرک، ڈمپر زکو زائد لوڈ وزن لیکر کسی بھی سڑک پر چلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ خلاف ورزی کرنے والوں کا مال ضبط اور بھاری جرمانوں سمیت ٹرک/ڈمپرز مالکان کے خلاف ایف آر درج کروائی جائیگی۔ انکا کہنا تھا کہ ٹرک مالکان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ لائسنس کے بغیر کوئی ڈرائیور ٹرک/ڈمپر پر سوار نہ ہو ورنہ مالک کے خلاف سخت قانونی کاروائی کی جائیگی۔ سیکرٹری آر ٹی اے کا کہنا تھا کہ حکومت کی طرف سے جو وزن مقرر کیا گیا ہے اس سے زائد وزن ہرگز لوڈ نہ کریں ورنہ ایف آئی آر کے علاوہ بھاری جرمانوں کے ساتھ گاڑی بند ہو سکتی ہے۔ اس سلسلہ میں آگاہی مہم کے ذریعے تمام لوگوں کو آگاہ کیا جا چکا ہے لہٰذا شہر کی سڑکوں کی حفاظت سب شہریوں کی ذمہ داری ہے اور ہر شہری کا فرض ہے کہ اپنے اپنے شہر میں سڑکوں کی حفاظت کرے اور جو ڈرائیور قانون کی خلاف ورزی کرے گا اس کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

،وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر جھنگ، اور چنیوٹ کی 75 جوڑوں کی اجتماعی شادی

سابق ممبر صوبائی اسمبلی سلطان سکندر بھروانہ، مولانا محمد آصف معاویہ، میڈم عابدہ بشیر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز و اسسٹنٹ کمشنرز بھی شریک تھے



جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا پنجاب دھی رانی پروگرام، وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر جھنگ، اور چنیوٹ کی 75 جوڑوں کی اجتماعی شادیوں کی مشترکہ اہتمام کیا گیا۔ سوبائی وزیر سماجی بہبود و بیت المال پنجاب شکوت بٹ تقریب کے مہمان خصوصی تھے جبکہ سیکرٹری سماجی بہبود جاوید اختر محمود، کمشنر مریم خان، ڈپٹی کمشنر جھنگ علی اکبر بھنڈر، ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل، سابق ممبر صوبائی اسمبلی فیصل حیات جوآنہ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی محمد اسلم بھروانہ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی راشدہ یعقوب شیخ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی محمد یعقوب شیخ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی خالد غنی، سابق ممبر صوبائی اسمبلی سلطان سکندر بھروانہ، مولانا محمد آصف معاویہ، میڈم عابدہ بشیر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز و اسسٹنٹ کمشنرز بھی شریک تھے۔ صوبائی وزیر سماجی بہبود و بیت المال پنجاب نے وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے نوبیاہتا جوڑوں کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا، صوبائی وزیر نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طرف دھی رانی سلامی کارڈز بھی دیئے، سلامی کارڈ کے ذریعے نوبیاہتا جوڑوں کو ایک لاکھ روپے سلامی دی گئی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے اجتماعی شادی کے تمام جوڑوں کو ڈبل بیڈ، میٹرس، شیشہ، ڈنر سیٹ، کھانا پکانے کا سامان، پنکھا اور دیگر سامان کے تحائف بھی دیئے گئے۔ صوبائی وزیر سماجی بہبود و بیت المال پنجاب شکوت بٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا وژن عوام کی خدمت کرنا ہے۔ پنجاب دھی رانی پروگرام وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا وژن عوام کی خدمت کرنا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوامی خدمت کے جذبہ کی عکاسی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے یہ کام کر رہی ہے، اس کا اجر اللہ دے گا۔ پنجاب دھی رانی پروگرام کو تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف پنجاب کی بیٹیوں کے لیے ماں کا کردار ادا کر رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب ان نوبیاہتا جوڑوں کے ساتھ ماں کی طرح کھڑی ہیں۔

منافع بخش ڈیری اور میٹ فارمنگ ملک کی اہم ضرورت ہے

محکمہ لائیوسٹاک مویشی پال حضرات کو ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہا ہے: ثاقب علی عطیل

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سیکرٹری لائیوسٹاک پنجاب ثاقب علی عطیل نے کہا ہے کہ منافع بخش ڈیری اور میٹ فارمنگ ملک کی اہم ضرورت ہے جس کے لئے محکمہ لائیوسٹاک مویشی پال حضرات کو ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت کی ترقی کے بغیر ناممکن ہے اور اس مقصد کے لئے محکمہ لائیوسٹاک تمام تر وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار لائیوسٹاک پروڈکشن ریسرچ انسٹیٹیوٹ بہاولنگر کے دورے کے موقع پر کمپلیکس ڈائریکٹر جنرل ریسرچ ڈاکٹر سجاد حسین اور ایڈیشنل سیکرٹری (ٹیکنیکل) ڈاکٹر محمد عثمان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ سیکرٹری لائیوسٹاک ثاقب علی عطیل نے اس موقع پر پیشنل ہاس اینڈ فیکل شو 2025 کے انعقاد کے سلسلہ میں بہاولنگر میں ہونے والے جانوروں کے دودھ اور خوبصورتی کے مقابلہ جات کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ ریسرچ آفیسر ڈاکٹر عبدالمنان اور فارم منیجر ڈاکٹر انفر حسین نے اس سلسلے میں کی جانے والی تیاریوں کے حوالے سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ لائیوسٹاک پروڈکشن ریسرچ انسٹیٹیوٹ بہاولنگر میں 18 سے 20 فروری میلہ مویشیاں 2025 کا انعقاد ہوگا جس میں دودھ اور خوبصورتی کے مقابلہ جات منعقد ہونگے۔ انہوں نے بتایا کہ ان مقابلوں میں پہلی تین پوزیشنز حاصل کرنے والوں میں نقد انعامات، ٹرافی اور سرٹیفکیٹس تقسیم کئے جائیں گے۔



ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد قابل پولیس آفیسر ہیں۔ امتیاز علی وریاہ

ضلع بھر میں قانون پر عملدرآمد یقینی بنا رہے ہیں: سابقہ صدر سٹی ہاؤسنگ



سیالکوٹ (بیورو چیف) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی زیر قیادت تھانہ جات ہوں یا سنیپ چیکنگ، وہ قانون کی فراہمی و شہریوں کی شنوائی کیلئے کھلی کچہریوں کا انعقاد اور ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ جہاں عوام الناس کو ٹریفک شعور کے بارے آگاہی لیکچرز و شہریوں میں سیفٹی کٹس کی تقسیم سیالکوٹ پولیس مستعدی کیساتھ عملاً فرائض منصبی ادا کرتے دکھائی دے رہی ہے جو انتہائی خوش آئند ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے اپنے معراج ہاؤسنگ فارم ہاؤس آفس میں سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی ملاقات کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ قانون پر عملداری و شہر میں امن و امان کی ذمہ داری پولیس یا کسی ایک فرد واحد پر نہیں ڈالی جاسکتی اس کیلئے شہریوں اور اداروں میں ایک منظم و مربوط نیٹ ورکنگ لازم ہے۔

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کی زیر صدارت منٹگمری ہال میں ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

مختلف سکیموں کی پیش رفت کے ساتھ چھ نئی ترقیاتی تجاویز اور منظوری پر بھی تبادلہ خیال کیا



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کی زیر صدارت منٹگمری ہال میں ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا اور مختلف سکیموں کی پیش رفت کے ساتھ چھ نئی ترقیاتی تجاویز اور منظوری پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ محمد اکرم ڈوگر اور ایکسین ایریگیشن حافظ محمد طلحہ سمیت دیگر تمام متعلقہ سرکاری محکموں کے افسران نے بھی شرکت کی اور اپنے اپنے منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں میں معیار اور شفافیت کو اولین ترجیح دی جائے، تاکہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں سے زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ زیر تکمیل منصوبوں کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے اور ان میں حائل رکاوٹوں کو فوری دور کیا جائے۔ اجلاس میں مختلف ترقیاتی سکیموں پر جاری کام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جن میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت، نکاسی آب کے منصوبے، صحت و تعلیم کے شعبوں میں بہتری کے لیے اقدامات شامل ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر واضح کیا کہ ترقیاتی کاموں میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام محکمے باہمی تعاون کے ساتھ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو جلد مکمل کریں۔

بٹ برادری فاؤنڈیشن فیصل آباد کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر ریلی کا انعقاد

ریلی میں ضلعی و مرکزی عہدیداران کے علاوہ برادری کے دیگر احباب نے شرکت کی



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) بٹ برادری فاؤنڈیشن پاکستان وانٹرنیشنل نے اپنی سنہری روایات کو زندہ رکھتے ہوئے، مرکزی چیئرمین خواجہ محمد وسیم صاحب اور مرکزی صدر و بانی فریاد بٹ کشمیری کے علاوہ پوری کشمیری برادری کی خواہشات کے مطابق بٹ برادری فاؤنڈیشن فیصل آباد کے زیر انتظام آج یوم یکجہتی کشمیر ریلی کا ضلع کونسل چوک سے گھنٹہ گھر چوک تک انعقاد کیا۔ ریلی میں ضلعی و مرکزی عہدیداران کے علاوہ برادری کے دیگر احباب نے شرکت کی اور کشمیر پر ڈھونے والے بھارتی غاصبانہ قبضے اور ظلم و بربریت پر احتجاج ریکارڈ کرواتے ہوئے اقوام متحدہ سے کشمیریوں کیساتھ حق خود ارادیت دینے والی قرارداد پر عمل درآمد کروانے کی ڈیمانڈ بھی کی۔ اخر میں کشمیر کی آزادی اور مسلمانوں میں اتحاد کی دعاؤں کیساتھ ریلی کے اختتام کا اعلان کر دیا گیا۔

چہ ملوئیاں دم توڑ گئیں ڈسکہ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن دوبارہ شروع

ڈسکہ (نمائندہ رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چہ ملوئیاں دم توڑ گئیں ڈسکہ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن دوبارہ شروع۔ 8 جنوری کو اسسٹنٹ کمشنر ماہم مشتاق کی زیر نگرانی ڈسکہ میلاد چوک سے تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کا آغاز ہوا جو چند روز جاری رہنے کے بعد رک گیا اور روزانہ کی بنیاد پر پیمائشوں کا مرحلہ شروع ہوگیا مگر آپریشن آگے نہ بڑھ سکا اسی دوران رواں ماہ اسسٹنٹ کمشنر ماہم مشتاق کا تبادلہ کر دیا گیا اور ذوہیب ممتاز کو اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ تعینات کر دیا گیا اور ابھی انہوں نے چارج بھی نہیں سنبھالا تھا کہ ان کا بھی تبادلہ کر کے دو روز قبل ان کی جگہ عثمان غنی کو اسسٹنٹ کمشنر تعینات کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا جس کے بعد ڈسکہ میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کا دوبارہ آغاز کر دیا گیا ہے

سابق سینئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر فیصل خان کی تدفین کر دی گئی

سیالکوٹ (بیورو چیف) سابقہ سنیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فیصل محمود خان کی نماز جنازہ میں سیالکوٹ کے صنعتکاروں اور مختلف مکاتب فکر کے عمائدین شہر کی کثیر تعداد میں شرکت۔ نماز جنازہ میں سابقہ و موجودہ عہدیداران، مجلس عاملہ اراکین سمیت ممبران ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے مرحوم کی وفات پر انکے لواحقین کیساتھ اظہار تعزیت کیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ کے بعد ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

گداگری ایکٹ کی منظوری کے باوجود شہر میں بھکاریوں کی ٹولیاں مٹرگشت کرتی دکھائی دیتی ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) گداگری ایکٹ کی منظوری کے باوجود شہر میں بھکاریوں کی ٹولیاں مٹرگشت کرتی دکھائی دیتی ہیں، پولیس بھکاریوں کے خلاف کاروائی کرنے سے گریزاں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور حکومت پنجاب نے گداگری ایکٹ قانون پاس کر کے اس پر سختی سے عمل درآمد کروانے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں اس گداگری ایکٹ کے لاگو ہونے کے بعد اب کوئی بھی شخص وہ چاہے بڑا ہو یا چھوٹا بھیک نہیں مانگ سکے گا۔ چاہے وہ ذاتی ہو یا کسی فلاحی کام کے لیے، بھیک مانگنے والوں پر ایف آئی آر درج کی جائے گی اور گرفتار کیا جائے گا لیکن جہلم شہر میں بھکاری خواتین اور بچے گلی محلوں میں بھیک مانگتے دکھائی دیتے ہیں لیکن بھکاریوں کے خلاف کسی قسم کی کاروائیاں نہیں کی جاری شہریوں نے ہٹے کٹے بھیک مانگنے والے بھکاریوں کے خلاف کاروائیاں کرنے کا مطالبہ کیا ہے

حافظ آباد میں میونسپل کمیٹی کا تجاوزات کیخلاف آپریشن

ونیکے چوک سمیت دیگر علاقوں میں پختہ تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا

حافظ آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد میں میونسپل کمیٹی کا تجاوزات کیخلاف آپریشن، ونیکے چوک سمیت دیگر علاقوں میں پختہ تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل آفیسر ریگولیشن میڈم فروا یوسف کی سربراہی میں شہری حدود میں انکروچمنٹ کے خلاف آپریشن جاری ہے، اس سلسلہ میں گزشتہ روز شہر کے مصروف ترین ونیکے چوک میں قائم پختہ تجاوزات کو ہیوی مشینری سے مسمار کر دیا گیا۔ اس موقع پر انکروچمنٹ آفیسر رانا محمد وقار اور خنیہ حیات ورک بھی موجود تھے۔ تحصیل آفیسر ریگولیشن میڈم فروا یوسف کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر حافظ آباد بھر میں آپریشن جاری ہے، اس سلسلہ میں اعلانات ونوٹس کے ذریعے عوام الناس کو پہلے آگاہ کر دیا جاتا ہے تاکہ نقصان کم سے کم ہو، کوشش تو یہی ہے لوگ اپنے اپنے تجاوزات خود ختم کر دیں بصورت دیگر پھر ہمیں مجبوراً ایکشن لینا پڑتا ہے۔

بیوی نے آشناء کے ساتھ ملکر برف کے سوئے مار کر اپنے خاوند کو قتل کر دیا تھا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) بیوی نے آشناء کے ساتھ ملکر برف کے سوئے مار کر اپنے خاوند کو قتل کر دیا تھا۔ جس پر ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے فیصلہ سناتے ہوئے مقتول کی بیوی کو عمر قید اور 1 لاکھ روپے ہرجانہ اور اس کے آشناء کو عمر قید اور 5 لاکھ روپے ہرجانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق محلہ صمد پورہ اوکاڑہ کے رہائشی محمد شاہد ولد مبارک علی کی شادی فاطمہ جمیل سے ہوئی تھی اسی دوران فاطمہ جمیل نے فہد سے ناجائز تعلقات استوار کر لئے علم ہونے پر محمد شاہد اپنی بیوی فاطمہ جمیل کو منع کرتا تھا جس کی رنجش پر فاطمہ جمیل نے اپنے آشناء فہد کے ہمراہ مورخہ 20-07-2023 کو برف والے سوئے کے پے در پے وار کر کے قتل کر دیا پولیس تھانہ بی ڈویژن اوکاڑہ نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا تھا ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ خالد رحمان نے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزمہ فاطمہ جمیل کو عمر قید اور 1 لاکھ روپے ہرجانہ اور اس کے آشناء کو عمر قید اور 5 لاکھ روپے ہرجانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔

منشیات فروشی کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے

علاقہ تھانہ رنگپورہ میں جرائم پیشہ عناصر برداشت نہیں



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) ایس ایچ او شاہد کالو۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی ہدایات پر ایس ڈی پی او اسٹی طارق محمود ڈھڈی کی زیر قیادت علاقہ تھانہ رنگپورہ میں منشیات فروشوں و جرائم پیشہ عناصر کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کامیاب کاروائیاں جاری ہیں۔ ان باتوں کا اظہار ایس ایچ او تھانہ رنگپورہ شاہد کالو نے سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ سیالکوٹ سٹی کی تھانہ رنگ پورہ کا جرائم کے خلاف کریک ڈاؤن بارے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بدنام زمانہ منشیات فروشوں ملزمان مقصود اور حسن جاوید ساکنائے رنگ پورہ سے 1700 گرام چرس برآمد کر کے مقدمات درج کئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں پتنگ بازی کی خلاف ورزی کے مرتکب ملزمان کیخلاف دوران کاروائی گرفتاری کے بعد جائیے فلائینگ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا۔

کارچوری کی نارکنے والی وارداتوں کا سلسلہ جاری

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) کارچوری کی نارکنے والی وارداتوں کا سلسلہ جاری، تلمبہ روڈ سے شہری منظور کی 2016 ماڈل مہران کار چوری ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق میاں چنوں سبزی چوک تلمبہ روڈ سے شہری منظور سکنہ 97 پندرہ ایل کی مہران کار ماڈل 2016 نمبری 518 ایل ای ڈی چوری ہوگئی، شہری کار کھڑی کر کے بازار میں شاپنگ کیلئے گیا تھا

ڈی ایس پی چوآسیدن شاہ خالد محمود کے ڈلوال روڈ چوآسیدن شاہ کو ون وے استعمال کرنے کے فیصلے کے ثمرات واضح دکھائی دینے لگے

چوآسید

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) ہفتہ 8 فروری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

اشتہارات ٹیکہ نہیں کہ جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

نتیجہ 1

پاکستان سلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے دریائے ہنجاب مریم نواز شریف سے ملاقات کے بعد پارٹی ہنجاب مریم نواز شریف سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی صورتحال، ہنجاب میں ترقیاتی عمل اور عوام کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر مختلف کمرے میں موجود وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہم نے جو وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ ہم نے جو وعدے کیے تھے، الحمدللہ ان کو پورا کیا ہے، پٹرول، ڈیزل، بجلی کے نرخ کم کیے، ملک کو دیوالیہ سے نکالا، معیشت کو مستحکم کیا، ملک کو ایٹمی طاقت بنایا، ہم نے جو وعدے کیے تھے، الحمدللہ ان کو پورا کیا ہے، ہم نے جو کہا تھا وہ کر کے دکھایا، ہم نے جو کہا تھا وہ کر کے دکھایا، ہم نے جو کہا تھا وہ کر کے دکھایا

8 فروری ملکی تاریخ کا سیاہ دن ہے جب جمہوریت کیساتھ کھلواڑ کیا گیا، ضیاالدین انصاری

حق کی آواز بلند کرتے رہیں گے، فارم 45 کے مطابق جو کامیاب ہوا اسے حکومت دی جائے، اسٹیبلشمنٹ نااہل لوگوں کو قوم پر مسلط کرنے کے رویہ پر نظر ثانی کرے

ری الیکشن کا مطالبہ حکومت کو تسلیم کرنے اور دھاندلی کو قوت دینے کے مترادف ہے، پاکستان میں آئین، قانون، جمہوریت، عدل، انصاف، انسانی حقوق کا جنازہ طاقتور لوگ نکال رہے ہیں، امیر جماعت اسلامی



امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے 8 فروری 2024ء کی تاریخ کا سیاہ دن جمہوریت کیساتھ کھلواڑ کیا گیا۔ اس دن ملک 47 کے ذریعے عوامی مینڈیٹ پر شب خون مارا گیا اور بار بار آزمائے ہوئے نااہل لوگوں کو ہم پر مسلط کرکے آمریت کی بدترین مثال قائم کی گئی۔ جس کی وجہ سے ہر دیدہ بصر میں انتخابات اور جمہوریت کی جگ ہنسائی ہوئی۔1985ء سے لیکر ہیشہ ڈبل کی دہائی تک اقتدار حاصل کیا اور عوام کے مسائل کو بے دردی سے رولا۔ جماعت اسلامی کی قیادت کے تاب صبر برائے جنوبی ایشیا مارشل رائز اور دیگر متعلقہ افراد بھی موجود تھے۔ ملاقات میں جماعت کے سوگ کے تدارک، مذہبی سیاحت کے فروغ اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت کو بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اہم امور زیر بحث آئے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

وزیراعظم اور آرمی چیف قومی معیشت کی ترقی کے لئے محنت کررہے ہیں، گورنر سندھ

عصر حاضر کے تقاضوں سے اداروں کو ہم آہنگ کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، کامران ٹیسوری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ وزیراعظم اور آرمی چیف قومی معیشت کی ترقی کے لئے شب و روز محنت کررہے ہیں۔ گورنر ہاؤس میں منی ٹیک کی جانب سے ڈسٹری بیوٹڈ لیجڈیٹر NDC کی لانچنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

میچنگ کے دوران مناسب ٹریفک پلان نہ ہونے سے ڈی ایل آر عدالت طلب

تین ماہ پہلے سے پتہ تھا یہاں میچ ہونا ہے، ٹریفک کا نظام درہم برہم ہے، لوگوں کو مصیبت پڑی ہوئی ہے، ریمارکس

جو گھروں میں گاڑیاں دھوئے اسے 10 ہزار جرمانہ کریں اور جس پٹرول پمپ پر واٹر لیس واشنگ پلانٹ نہ ہو اسے سیل کریں، جسٹس شاہد کریم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے میچز کے دوران ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لئے مناسب ٹریفک پلان نہ ہونے پر ڈی ایل آر ایکٹو کے سماعت کے دوران ساعت ہائیکورٹ نے رپورٹ پیش کی، سربمہر جوڈیشل کمیشن مختلف تحفظات سے آگاہ کیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سوگ کے تدارک کے حوالے سے کیس کی سماعت کی، دوران سماعت متعلقہ افسران نے عدالت کو بتایا کہ پانی کو محفوظ کرنے کے حوالے سے چیف ٹکنالوجی سے میٹنگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

مسلم حکمران ٹرمپ کے بیان کے خلاف دوٹوک موقف اپنائیں، جے یو آئی

امت مسلمہ خواب غفلت سے بیدار ہو کر یہودو ہنود کی سازشوں کے سدباب کے لیے متحد ہو جائے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سنی اتحاد کونسل حافظ عرفان شہباز بٹ، سالار مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم سینیٹر جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم سید ہاشم نہاں ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم راؤ اسد فیضان شہباز بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری محمد اکرم چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مسلم حکمران ٹرمپ کے بیان کے خلاف دوٹوک موقف اپنائیں، فلسطینیوں کو ان کی سرزمین سے بے دخل کرنے کی باتیں امریکی صدر کا بد ترین پاگل پن ہے، امت مسلمہ خواب غفلت سے بیدار ہو کر یہودو ہنود کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

غریبوں کو ایک اور جھٹکا، یوٹیلیٹی سٹورز پر چینی مزید 5 روپے کلو مہنگی

چینی کی قیمت 145 روپے سے بڑھ کر 150 روپے فی کلو کر دی گئی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) یوٹیلیٹی سٹورز پر چینی مزید 5 روپے کلو مہنگی ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق یوٹیلیٹی سٹورز پر چینی کی قیمت 140 روپے فی کلو سے بڑھ کر 145 روپے ہوگئی۔ ذرائع یوسی اس کے مطابق اوپن مارکیٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45) اضافہ کر دیا گیا۔ یوٹیلیٹی سٹورز پر چینی کی قیمت 145 روپے سے بڑھ کر 150 روپے فی کلو کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق یوٹیلیٹی سٹورز پر چینی کی قیمت میں 5 روپے فی کلو کا مزید اضافہ کر دیا گیا۔ یوٹیلیٹی سٹورز پر چینی کی قیمت



پاکستان سمیت دنیا بھر میں سماجی انصاف کا عالمی دن 20 فروری کو منایا جائے گا

مرکزی شاہراہ کو کھلا رکھنے کیلئے 4 ہزار سے زائد سکیورٹی اہلکاروں کی تعیناتی پر غور جاری

پشاور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں سماجی انصاف کا عالمی دن 20 فروری کو منایا جائے گا اس دن کے حوالے سے مقصد سماجی انصاف اور مساوات کو فروغ دینا ہے اس دن کے حوالے سے فیصل آباد میں مرکزی و غیر مرکزی اداروں اور تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف سٹیوں میں سیمینارز، کانفرنسز، مذاکرے اور مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جن میں سیاسی و سماجی شخصیات، مذہبی رہنما ماہرین قانون (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

کرم، متحرک قبائل کے درمیان اسلحہ حوالگی پر تحاائل ڈیڈ لاک برقرار

اشرفان کے مابین پیش کیا جائے گا، لوئر کرم قبائل نے کہا کہ لوئر کرم مکمل بازار میں تیمرہ کے ساتھ معاہدے کی طرح اسلحہ حوالگی شروع کی جائے مگر پاراچنار روڈ پر فائرنگ میں لوئر کرم کے قبائل ملک تیمرا فرنٹیئر ملوث ہے۔ انتظامیہ نے کہا کہ مرکزی شاہراہ کو کھلے کیلئے 4 ہزار سے زائد سکیورٹی اہلکاروں کی تعیناتی پر غور جاری ہے، لوئر اور سفلی کرم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

پاکستان میں شرح سود 12 فیصد ہونا، مہنگائی کم ہونے کی دلیل ہے، آئی ایم ایف

پیرونی فائنانسنگ ضرورت میں کمی جولائی میں مثبت ریٹنگ کا سبب ہو سکتی ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے لاہور زون کی کارواٹی چینوں سے متعلق ذریعے اٹی چار نوجوان چینوں سے متعلق ذریعے اٹی چار گرفتار کرلیا مصطفیٰ سمیت چاروں نوجوانوں کو ایران کے خفیہ ادارے نے انہیں اغوا کارروں نے اغوا کر کے اہل کے لیے دو کروڑ ڈالر کا مطالبہ کیا تھا اور ان سے رہائی